# غنچۂ اُردو - 1

## اُردو کی درسی کتاب

## جماعت اوّل

URDU READER Class : I

FREE



ناشر


حکومت تلنگانہ، حیدرآباد۔

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

SCERT TELANGANA

تصویریں دیکھیے، کہانی بولیے۔




# بھارت کا آئین - بنیادی فرائض

## دفعہ:51(الف)

**51الف- بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ......**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے؛

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں؛

(ج) بھارت کے اقتدار اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفظ کرے؛

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے، قومی خدمت انجام دے؛

(ھ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو؛

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے؛

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں، محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے؛

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے؛

(ط) سرکاری جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے؛

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تا کہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرم عمل رہے؛

(ک) والدین یا سرپرست کا فرض ہے کہ 6 تا 14 سال کی عمر والے لڑکے یا لڑکیوں کے لیے تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کریں۔

**حکومت تلنگانہ**

**محکمہ ترقی نسواں و بہبود اطفال - چائلڈ لائین فاؤنڈیشن**

خطروں اور مشکلوں سے بچوں کے تحفظ کے لیے

جب اسکول یا اسکول سے باہر بدسلوکی ہو

جب افراد خاندان یا رشتہ دار بدتمیزی سے پیش آئیں

جب بچوں کو اسکول سے روک کر کام پر لگایا جائے

CHILD LINE 1098 NIGHT & DAY

24 گھنٹے قومی ہلپ لائین

مفت خدمات کے لیے (دس......نو........آٹھ) 1098 پر ڈائیل کریں

SCERT TELANGANA

# غنچۂ اُردو - I

## اُردو کی درسی کتاب

## جماعت اوّل

URDU READER CLASS : I


مدیران

**ڈاکٹر سید مصطفیٰ کمال**

سابق کوآرڈینیٹر وانچارج شعبۂ ترجمہ٬ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی٬ حیدرآباد

**ڈاکٹر آمنہ تحسین**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ تعلیم نسواں٬ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی٬ حیدرآباد

**جناب محمد عبدالرؤف خیر**

موظف لکچرر٬ ایس.آر.آر.ڈگری کالج٬ کریم نگر

کوآرڈینیٹرس

**جناب این.ایوب حسین**

اکاڈمک مانیٹرنگ آفیسر (اُردو)

راجیوودیا مشن (ایس.ایس.اے)٬ تلنگانہ

**ڈاکٹر این.اوپیندر ریڈی**

پروفیسر شعبۂ نصاب و درسی کتب

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (SCERT)٬ تلنگانہ٬ حیدرآباد


SCERT TELANGANA

تعلیم کے ذریعے آگے بڑھیں
صبر و تحمل سے پیش آئیں

قانون کا احترام کریں
اپنے حقوق حاصل کریں

ناشر: حکومت تلنگانہ٬ حیدرآباد


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

© Government of Telangana,Hyderabad

*First Published - 2011*
*New Impressions 2012, 2013, 2014, 2015,2016,2017, 2018, 2019,2020*

All rights reserved

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published and without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser.The copy right holder of this book is the Directorof School Education, Hyderabad, Telangana.

This Book has been printed on 70 G.S.M. Maplitho.
Title Page 200 G.S.M. White art card

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

SCERT TELANGANA

*Printed in India*
at **Telangana State Government Text Book Press**,
Mint Compound, Hyderabad,
Telangana State



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

# پیش لفظ

ماہرین لسانیات نے تحقیق کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ تمام بچوں میں پیدائشی طور پر زبان سیکھنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ وہ اپنے ماحول میں موقع و محل کے اعتبار سے اپنی صلاحیت کا استعمال کرتے ہوئے فطری طور پر نہایت آسانی سے زبان سیکھ لیتے ہیں۔ ہر زبان کے اپنے نہایت پیچیدہ اصول اور پابندیاں ہوتی ہیں۔ مدرسہ آنے سے قبل ہی بچے با آسانی زبان سمجھتے ہوئے حالات کی مناسبت سے اِسے استعمال کرتے رہتے ہیں۔ مدرسہ میں داخلے سے قبل، زبان کے استعمال کی صلاحیت کے حامل بچوں کا داخلے کے بعد اس کے سیکھنے میں پیچھے رہ جانا ایک غور طلب امر ہے۔

تمام بچوں میں حسب خواہش زبان کے فروغ کے لیے، اساتذہ بامعنی صورتحال پیدا کر کے حالات کی مناسبت سے زبان سیکھنے کے مواقع فراہم کریں۔ اس کے علاوہ، خوف سے بالاتر آزادانہ ماحول فراہم کریں جس میں تمام بچے حصہ لے سکیں۔ اس مقصد کے لیے معاون اُمور درسی کتب میں شامل کیے جانے چاہئیں۔

قومی درسیاتی خاکہ 2005اور RTE 2009 کے ذریعہ بھی یہی تجاویز سامنے آئی ہیں۔ ان کی بنیاد پر ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت کی زیر نگرانی اول اور دوم جماعتوں کے لیے اردو کی نئی درسی کتب، ورک بک کی شکل میں ترتیب دی گئی ہیں۔ یہ کتابیں لفظی طریقہ پر، دیدہ زیب تصاویر کے ذریعہ دلچسپ اور غور و فکر کو انگیز کرنے والے طرز میں بامعنی مشاغل کے ساتھ ترتیب دی گئی ہیں۔ اس میں ہر سبق کا آغاز ایک تصویری منظر سے ہوتا ہے۔ اسی کی بنیاد پر ایک نظم / کہانی / گیت / مکالمہ پیش ہوتا ہے۔ بچوں کی آزادانہ گفتگو، لفظوں اور حروف کی شناخت کے ذریعہ پڑھنے اور لکھنے کی غرض سے اس کتاب میں مشقیں دی گئی ہیں۔ مصرعے جوڑنا، تصاویر اُتارنا، رنگ بھرنا، لسانی کھیل، ذخیرہ الفاظ کا فروغ، تخلیقی صلاحیت کا اظہار وغیرہ کے لیے اس کتاب میں مشاغل شریک کیے گئے ہیں۔ مناسب تدریسی اشیا کے ذریعہ اور منصوبہ بند طریقے پر تدریس کے اس طرز کو روبہ عمل لائیں۔ اس نصاب کا مقصد یہ ہے کہ مختلف پس منظر رکھنے والے بچوں کو آزادانہ طور پر اپنی زبان میں گفتگو کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے اردو زبان پر عبور حاصل کرنے کو یقینی بنائیں۔

نئی سمت میں درسی کتب، ترتیب دینے کے ضمن میں یہ پہلا قدم ہے۔ اس درسی کتاب کے بہتر استعمال کے لیے اساتذہ کو بھی ہدایات دی گئی ہیں۔ ان پر عمل کرتے ہوئے تمام بچوں میں سننا، سوچ کر گفتگو کرنا، روانی سے پڑھنا، فہم حاصل کر کے اپنے الفاظ میں کہنا، ذخیرہ الفاظ کا مناسب مواقع پر استعمال، خود سے لکھنا، تخلیقی صلاحیت کا اظہار جیسی لسانی صلاحیتوں کے حصول کو یقینی بنانے کی ضمانت حاصل کریں۔ اس کے لیے درسی کتب کے ساتھ اسکول لائبریری کی کتابیں اور زائد مواد مطالعہ بھی استعمال کریں۔

اس کتاب کی تدوین میں حصہ لینے والے اساتذہ، اسٹیٹ ریسورس گروپ اراکین، ایس سی ای آر ٹی کے لکچرر و پروفیسر اور مصوّروں کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اسی طرح اس کتاب کی تکمیل میں اپنے قیمتی مشوروں سے نوازنے والے قومی و بین الاقوامی ماہرین مضمون و ماہرین لسانیات ڈاکٹر رما کانت اگنی ہوتری، ڈاکٹر ایچ. کے. دیوان، ودیا بھون سوسائٹی اودے پور اور وقتاً فوقتاً مشورے و ہدایات دیتے ہوئے ترغیب دینے والے ڈاکٹر محمد علی رفعت آئی. اے. ایس، اسٹیٹ پراجکٹ ڈائرکٹر راجیو ودیا مشن سے بھی خصوصی طور پر ممنونیت کا اظہار کرتی ہوں۔

(بی. شیشو کماری)
ڈائرکٹر
ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت
تلنگانہ حیدرآباد

تاریخ: 31-03-2011
مقام: حیدرآباد


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21
SCERT TELANGANA

## مصنفین

**این.ایوب حسین**

اکاڈمک مانیٹرنگ آفیسر (اُردو)
راجیوودیا مشن (ایس ایس اے) تلنگانہ ، حیدرآباد

**محمد افتخارالدین شاذ**

اسکول اسسٹنٹ ورکن اسٹیٹ ریسورس گروپ
گورنمنٹ ہائی اسکول معظم شاہی،ٹپہ چبوترہ، حیدرآباد

**رقیہ تسکین**

معلّمہ، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سکنڈ لانسر گولکنڈہ، حیدرآباد

**بشیرہ بیگم**

معلّمہ، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول مستعد پورہ، آصف نگر، حیدرآباد

**محمد ظہیرالدین**

اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشد ہائی اسکول آرمور، نظام آباد

**ارشد محمد صدیقی**

معلم ورکن اسٹیٹ ریسورس گروپ
ایم پی یو پی ایس سورنا، منڈل سارنگاپور، عادل آباد


## کمیٹی برائے ترتیب و تالیف


چیف پروڈکشن آفیسر

**شریمتی بی. شیشوکماری**

ڈائرکٹر ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت (SCERT)،
تلنگانہ، حیدرآباد

چیف بزنس مینیجر

**شری آر. جیسوپادم**

ڈائرکٹر گورنمنٹ ٹکسٹ بک پریس
تلنگانہ، حیدرآباد

---

کمپیوٹر لے آؤٹ ڈیزائننگ

☆ محمد رفیق الرحمٰن، ورنگل ☆ محمد عبدالقادر، ظہیرآباد ☆ محمد معزالدین مکرم، حیدرآباد ☆ محمد ذکی الدین لیاقت، حیدرآباد ☆ ٹی محمد مصطفےٰ، مشیرآباد

محمد ایوب احمد ناصر، ایس اے، ضلع پریشد ہائی اسکول (اردو) آتما کور، ضلع ونپرتی ☆ شیخ حاجی حسین، امپرنٹ کمپیوٹیک، بالانگر، میڈچل

آرٹسٹ: کوریلا سری نواس، اسکول اسٹنٹ ضلع پریشد ہائی اسکول، پوچم پلی، ضلع نلگنڈہ۔




SCERT TELANGANA

# دُعا

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہوجائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہوجائے

ہو مرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب!
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب !

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اُس رہ پہ چلانا مجھ کو

- علامہ اقبالؔ

# ترانۂ ہندی

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

پربت وہ سب سے اونچا ہمسایہ آسماں کا
وہ سنتری ہمارا وہ پاسباں ہمارا

گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزاروں ندیاں
گلشن ہے جن کے دم سے رشکِ جناں ہمارا

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا
ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا

- علامہ اقبالؔ



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21
SCERT TELANGANA

# قومی ترانہ

– رابندر ناتھ ٹیگور

جن گن من ادھی نا یک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، دراوڑ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے، تواشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دا یک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

# عہد

پی ڈیمری وینکٹا سبّا راؤ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گونا گوں ورثے پر فخر کرتا ہوں/کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/رہوں گی۔ اپنے والدین، اساتذہ اور بزرگوں کی عزت کروں گا/کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی میں جانوروں کی تئیں رحم دلی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/کرتی ہوں۔ ان کی بھلائی اور خوشحالی میں میری خوشی مضمر ہے۔

SCERT TELANGANA

# ہدایات برائے اساتذہ

- اردو کی درسی کتابیں اس طرح ترتیب دی گئی ہیں کہ بچوں میں سننا، سوچ کر بولنا، روانی سے پڑھ کر، سمجھ کر اپنے الفاظ میں کہنا، خود سے لکھنا اور تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار جیسی استعداد کا حصول ممکن ہو سکے۔
- ہر سبق کا آغاز تصویری منظر، نظم، کہانی اور مکالموں سے ہوتا ہے۔
- ہر سبق میں سننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا، جیسی استعداد پر مبنی مشاغل کے لیے خصوصی تصویریں (Logos) دی گئی ہیں۔
- سبق کے آغاز سے قبل دئے گئے تصویری منظر سے متعلق سے بچوں سے گفتگو کریں، ان سے غور و فکر پر مبنی سوالات کیے جائیں۔ اس کے بعد سبق کی تدریس شروع کی جائے۔
- نظم پڑھانے سے قبل، اُسے چارٹ یا تختۂ سیاہ پر لکھیں۔ معلم، بچوں کو پہلے نظم پڑھ کر سنائے۔ اس کے بعد بچوں سے پڑھوائیں۔ نظم اداکاری سے پڑھنے کے لیے بچوں کو ریاض کروائیں۔
- نظم / کہانی / گیت کے ذریعہ سکھائے جانے والے مرکزی لفظ کی شناخت بچوں سے کروائیں۔ اس لفظ کے حروف کا تلفظ واضح انداز میں ادا کرنے، پڑھنے اور لکھنے کی مشق کروائیں۔
- سبق کے مرکزی لفظ کے حروف کی شناخت حروف تہجی کے چارٹ میں کروائیں۔
- سننا، بولنا جیسی استعداد پر مبنی مشاغل، کُل جماعتی مشغلوں کے طور پر کروائیں اور اس بات کی ترغیب دیں کہ تمام بچے کمرۂ جماعت میں آزادانہ طور پر اظہار خیال کر سکیں۔
- پڑھنے، لکھنے کی استعداد پر مبنی مشاغل، گروہی مشغلوں کے طور پر کروائیں۔
- اس کے لیے درکار حروف تہجی کا اور حروف جوڑ کر لفظ بنانے کے چارٹ وغیرہ قبل از وقت تیار کرلیں، اور ان کا استعمال تدریسی و اکتسابی سرگرمیوں میں کریں۔
- پڑھنے، لکھنے کی استعداد پر مبنی مشاغل سے متعلق ہدایات سے بچوں کو واقف کروائیں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچے انفرادی طور پر تحریری مشاغل کر پائیں۔
- اردو درسی کتاب کے علاوہ بچوں کے ہاں نوٹ بکس بھی ہونی چاہئیں، روزانہ ان نوٹ بکس میں بچوں سے الفاظ لکھوائیں اور املا بھی لکھوائیں۔
- یہ درسی کتاب لفظی طریقے پر ترتیب دی گئی ہے۔ اس میں بچوں کے ماحول اور حالات کو ملحوظ رکھتے ہوئے بامعنی انداز میں عملی سرگرمیوں کے ذریعہ حروف تہجی سے واقف کروایا گیا ہے۔
- اس درسی کتاب میں زیادہ سے زیادہ الفاظ کا تعارف کروانے کے بجائے روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والے الفاظ کی بنیاد پر پڑھنے، لکھنے کے مشاغل ترتیب دیئے گئے ہیں۔ مانوس الفاظ کے حروف سے نئے الفاظ بنانے اور ان الفاظ کے استعمال کے لیے مشاغل دیئے گئے ہیں۔
- جماعت اول کے ابتدائی دور میں بچے آزادانہ طور پر بات چیت کرنے اور ان کو آمادہ کرنے کے لیے آمادگی کے اسباق دیئے گئے ہیں۔ یہ تصویری شکل میں ہیں۔ ان کے تعلق سے بچوں سے گفتگو کریں۔
- جماعت اول کی تکمیل تک بچے بے جوڑ الفاظ، جوڑ والے دو حرفی، سہ حرفی الفاظ اور سادہ جملے پڑھنے لکھنے کے قابل ہوں۔ اس کے لیے منصوبہ بند طریقے سے تدریسی و اکتسابی سرگرمیوں کا اہتمام کریں۔
- مدارس کو سربراہ کیا گیا بچوں کا ادب، شبنم کی بوندیں، کہانیوں کی کتابیں، کہانیوں کے کارڈ وغیرہ کا استعمال زائد مواد مطالعہ کے طور پر کریں۔
- زبان اردو کی تدریس کے لیے مختص کردہ 90 منٹ کے وقت میں درسی کتاب پر مبنی مشاغل منعقد کیے جائیں اور مطالعہ کے لیے مختص کردہ پیریڈ میں بچوں کا ادب، شبنم کی بوندیں، جیسے زائد مواد مطالعہ کا بہر صورت استعمال کریں۔
- جماعتوں کے آغاز ہی سے درسی کتاب کے علاوہ بچوں کے ادب سے بھی استفادہ کریں۔
- بچوں کے اکتساب کو نہ صرف درسی کتاب تک محدود رکھیں، بلکہ ممکنہ حد تک زائد مواد مطالعہ و اکتسابی اشیا استعمال کرتے ہوئے لسانی مہارتوں کے حصول کو ممکن بنائیں۔
- زبان کی تدریس کے لیے مختص کردہ 90 منٹ کے دوران درسی کتاب پر مبنی مشاغل کے علاوہ ''بچوں کا ادب (شبنم کی بوندیں) جیسے مواد کا استعمال بھی کریں۔




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

SCERT TELANGANA

## پیارے بچو!

تصویریں دیکھیے۔ ان کا سبق میں جہاں بھی استعمال ہوا ہے ہدایتوں کے مطابق ان پر عمل کیجیے۔



### سبق

سبق سنیے۔ اگر سمجھ میں نہ آئے تو معلم سے دریافت کیجیے۔



### سنیے - بولیے

آپ آزادانہ طور پر اپنی زبان میں گفتگو کیجیے۔



### پڑھیے

پڑھیے اور سمجھیے۔ کہیے یا لکھیے۔



### لکھیے

دیکھ کر لکھیے یا خود سے لکھیے۔



### پڑھیے لطف اٹھایئے

تصویر دیکھیے۔ کہانی سوچیے، کہانی پڑھیے، کہانی بولیے۔



### سوچیے

سوچ کر گفتگو کیجیے - لکھیے

SCERT TELANGANA





# فہرست عنوانات




| سلسلہ نشان | سبق | سیکھے جانے والے نکات | مہینہ | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| | آمادگی کے اسباق | آزادانہ طور پر گفتگو کرنا | جون | 2 |
| 1. | انار-آم | ا ، آ کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | جون | 12 |
| 2. | چھوٹا بچہ | ب،پ،ت،ٹ،ث کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | جولائی | 20 |
| 3. | جنگل | ج،چ،ح،خ کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | جولائی | 25 |
| 4. | درزی | د،ڈ،ذ،ر،ڑ،ز،ژ کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | جولائی | 21 |
| 5. | صبح وشام | س،ش،ص،ض کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | اگست | 36 |
| 6. | طوطا | ط،ظ،ع،غ کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | اگست | 41 |
| 7. | گڑیا | ف،ق،ک،گ کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | اگست | 47 |
| 8. | ہاتھی | ل،م،ن،و،ہ،ی،ے کا تعارف - پڑھنا،لکھنا | ستمبر | 53 |
| 9. | آرا | ا،آ،و - بے جوڑ حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | ستمبر | 61 |
| 10. | پتنگ کی ڈور | د،ڈ،ذ،ر،ڑ،ز،ژ - بے جوڑ حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | ستمبر | 67 |
| 11. | بادل | ب،پ،ت،ٹ،ث - جوڑ والے حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | اکتوبر | 73 |
| 12. | چوزے خاں | ج،چ،ح،خ - جوڑ والے حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | اکتوبر | 79 |
| 13. | سورج | س،ش،ص،ض - جوڑ والے حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | نومبر | 84 |
| 14. | غلیل | ط،ظ،ع،غ - جوڑ والے حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | نومبر | 89 |
| 15. | قلم | ف،ق،ک،گ - جوڑ والے حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | نومبر | 95 |
| 16. | علم کا گہنا | ل،م،ن،و،ہ،ی،ے - جوڑ والے حروف کے الفاظ - پڑھنا،لکھنا | نومبر | 101 |
| 17. | پھول | دوچشمی ھ - پڑھنا،لکھنا | دسمبر | 107 |
| 18. | سونی مونی | یائے معروف - پڑھنا،لکھنا | دسمبر | 113 |
| 19. | بیر کا پیڑ | یائے مجہول - پڑھنا،لکھنا | دسمبر | 119 |
| 20. | بچہ مزدور | واؤ معروف - پڑھنا،لکھنا | جنوری | 123 |
| 21. | تول پھر بول | واؤ مجہول - پڑھنا،لکھنا | جنوری | 129 |
| 22. | کپٹی میاؤں | نونِ غنہ - پڑھنا،لکھنا | فروری | 134 |
| 23. | چنّو منّو | تشدید - پڑھنا،لکھنا | فروری | 139 |
| 24. | حمد | جملے - پڑھنا،لکھنا | فروری | 145 |


SCERT TELANGANA


SCERT TELANGANA



## اس تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں

1. گھر کے صحن میں کیا ہے؟
2. بچوں کو کون پڑھا رہا ہوگا؟
3. گیٹ سے کون داخل ہو رہے ہیں؟
4. باورچی خانہ سے دھواں کیوں نکل رہا ہے؟
5. صحن میں لڑکی کیا کر رہی ہے؟

SCERT TELANGANA





اس تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں۔

SCERT TELANGANA




SCERT TELANGANA



SCERT TELANGANA

**اس تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں :**


بچے کون سے کھیل کھیل رہے ہیں؟ کتنے بچے پانی پی رہے ہیں؟ لڑکی کوڑے دان میں کیا ڈال رہی ہے؟ کچرا کوڑے دان میں ہی کیوں ڈالنا چاہیے؟



SCERT TELANGANA

## اس تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں :


سڑک پر کون سی گاڑیاں ہیں؟ کون سڑک پار کر رہے ہیں؟ پھلوں کی دکان میں کون سے پھل ہیں؟ آئس کریم کون خرید رہے ہیں؟ کیا آپ کو آئس کریم پسند ہے؟




SCERT TELANGANA



SCERT TELANGANA




اس تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں :

اگر اس کھیت سے گزریں تو آپ کو کیا دیکھنے کو ملے گا؟


SCERT TELANGANA

# انار ۔ آم

(آ ، ا)



## سبق - 1







### سنیے - بولیے

**(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے۔**

1۔ تصویر میں آپ کو کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ تصویر میں سب سے زیادہ کون سے پھل موجود ہیں؟

3۔ دکان میں موجود پھلوں کے علاوہ دوسرے چند پھلوں کے نام بتایئے؟

4۔ کیا آپ کو انار پسند ہے؟ کیوں؟

5۔ کیا آپ کو آم پسند ہیں؟ کیوں؟

6۔ اگر آپ آم کے باغ میں ہوتے تو کیا کرتے؟

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 21-2020

(ب) اب ہم ''آم'' کے متعلق ایک نظم سنتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھیں۔)

موسم آم کا آیا ہے ڈھیروں آم لایا ہے
کچھ ہیں میٹھے کچھ ہیں کھٹّے لال پیلے اور رسیلے
انور اکبر انجم آؤ میٹھے آم کھاتے جاؤ
آؤ آؤ بچو آؤ کھا کر آم مزے اڑاؤ
آم پھلوں کا راجہ ہے
سب کے من کو بھاتا ہے

- محمد افتخار الدین شاؔد

(ج) طلبا کو بھی ترنم اور اداکاری کے ساتھ نظم دہرانے کے لیے کہیں۔ اور نظم کے بارے میں چند سوالات کریں۔

(د) 'ا' 'آ' سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



انگور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ن | گ | و | ر |



انناؔس

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ن | ن | ا | س |



آم

| | |
|---|---|
| آ | م |



آگ

| | |
|---|---|
| آ | گ |

(ہ) آواز کی پہچان کے بعد حروف 'ا' اور 'آ' جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA




## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر طلبا سے ان کے نام پوچھے جائیں۔



انگور



املی




ادرک



آسمان



آنکھ



آلو

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے کہلوایئے۔



طوطا انار کھا رہا ہے



آدمی آرے سے لکڑی کاٹ رہا ہے



آم پھلوں کا راجہ ہے




یہ ادرک ہے

SCERT TELANGANA

(ج) تصویریں بتا کر طلبا سے جملے کہلوائیے۔ کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوائیے۔ ان جملوں میں ا ، آ سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروائیے۔











لکھیے

(الف) طلبا سے صاف خط میں حروف لکھوائیں۔

ا ______ ______ ______ ______


ا ______ ______ ______ ______

آ ______ ______ ______ ______

آ ______ ______ ______ ______

SCERT TELANGANA

(ب) تصویروں کے آگے دائرے دیے گئے ہیں، طلبا سے ان تصویروں کے نام کہلوائیں اور ان کا پہلا حرف دائرے میں لکھوائیں۔




(ج) معلم طلبا سے کہیں کہ آم کی تصویر میں دیے گئے الفاظ کے پہلے حرف پر رنگین پنسل سے نشان لگائیں




SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(د) 'ا' اور 'آ' سے شروع ہونے والے لفظوں کو ذیل میں بتائے گئے طریقے پر جوڑ لگوائیے۔

| |
|---|
| ا |
| آ |

آن   اناج   آب   آرا   ادب   اداس

اور   ادا   آگ   آواز   انار   آم

(ھ) خالی جگہ پر تصویر کا نام لکھوائیے اور جملے مکمل کروائیے۔

ڈال پر  ہے۔

 میٹھا ہے۔

ڈال پر ______ ہے۔

______ میٹھا ہے۔

یہ  ہے۔

 جل رہی ہے۔


یہ ______ ہے۔

______ جل رہی ہے۔



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



______

SCERT TELANGANA



ایک دن اکبر مدرسہ جا رہا تھا۔




اس کو نالے میں ایک چیونٹی
ڈوبتی ہوئی نظر آئی۔



اس نے فوراً ایک کاغذ کی ناؤ بنائی
اور پانی میں چھوڑ دیا۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 21-2020



چیونٹی ناؤ پر سوار ہوگئی۔



اکبر ناؤ کو کنارے لے آیا۔




چیونٹی ناؤ سے اتری اور خوشی خوشی
اپنے گھر لوٹ گئی۔

SCERT TELANGANA

# چھوٹا بچہ

(ب پ ت ٹ ث)

## سبق - 2



## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے متعلق طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں کیا دکھایا گیا ہے؟

2۔ بچہ کیوں رو رہا ہوگا؟

3۔ تصویر میں دکھایا گیا لڑکا کیا سوچ رہا ہے؟

4۔ آپ کی امّی آپ کے لیے کیا کیا کرتی ہیں؟

5۔ آپ اپنی امی کے لیے کیا کرتے ہیں؟



SCERT TELANGANA

(ب) اب ہم ایک نظم سنتے ہیں۔(معلم یہ نظم ترنم اور ادا کاری کے ساتھ پڑھیں)

جب میں چھوٹا بچہ تھا بڑی شرارت کرتا تھا
دن بھر یوں ہی شور مچانا کام میرا ہوتا تھا
پیار سے مجھ کو بہلاتی ماں جب بھی میں روٹھا ہوتا تھا
کھیل سے جب بھی تھک کر آتا ماں نہلاتی میں سوتا تھا
کیسا اچھا زمانہ تھا جب میں چھوٹا بچہ تھا

(ج) طلبا کو بھی ترنم اور ادا کاری کے ساتھ نظم دہرانے کے لیے کہیں۔ اور نظم کے بارے میں چند سوالات کریں۔

(د) ب، پ، ت، ٹ، ث سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



بندر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | ن | د | ر |




پتنگ

| | | | |
|---|---|---|---|
| پ | ت | ن | گ |



تربوز

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ت | ر | ب | و | ز |



ٹوپی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٹ | و | پ | ی |



ثمر

| | | |
|---|---|---|
| ث | م | ر |


(ھ) آواز کی پہچان کے بعد حروف ب، پ، ت، ٹ، ث جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA



## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔



بس



پنسل



ترازو




ٹماٹر




ثمر

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے کہلوائیے۔



بکری پتّے کھا رہی ہے



تربوزہ بڑا ہے



ٹماٹر لال ہے




تھال میں ثمر ہیں

(ج) تصویریں بتا کر طلبا سے جملے کہلوائیے کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوائیے۔ ان جملوں میں
ب پ ت ٹ سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروائیے۔









SCERT TELANGANA



لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف صاف خط میں لکھوائیے۔

ب

پ

ت

ٹ

ث


(ب) تصویروں کو ان کے نام سے جوڑ لگوائیے۔

❖  ت ر ب و ز ❖  پ ن س ل

❖  ب ک ر ی ❖  ٹ و پ ی

(ج) نیچے دی گئی تصویروں کے ابتدائی حروف طلبا سے لکھوائیے۔

SCERT TELANGANA


(د) ہر حرف پر دیے گئے رنگ کے پنسل سے اُس حرف سے شروع ہونے والے لفظوں پر دائرہ "O" بنوائیے۔


| ب | پ | ت | ٹ | ث |
|---|---|---|---|---|

بکری    بادل    تتلی    ترازو    ثابت    ٹب    پان    ٹوپی

پانی    بس    ٹماٹر    پتنگ    تربوز    ثمر    ثمرین    بن

(و) خالی جگہوں پر تصویروں کے نام لکھوائیں اور جملے مکمل کروائیں۔

 ______ بڑا ہے۔  ______ پالتو جانور ہے


 ______ لال ہے۔  ______ رنگین ہے۔

 ٹوکری میں ______ ہیں۔




سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



______


SCERT TELANGANA



سبق - 3

# جنگل

( ج چ ح خ )





## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے متعلق طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں کتنے جانور ہیں؟

2۔ جنگل میں تمام جانور کیا کر رہے ہیں؟

3۔ اس تصویر میں کون سے جانور ہیں؟

4۔ آپ کو کون سے جانور پسند ہیں؟ کیوں؟

5۔ کیا آپ شیر کی طرح دہاڑ سکتے ہیں؟

6۔ اگر آپ کسی مصیبت میں مبتلا ہوں تو کیا کریں گے؟

SCERT TELANGANA

(ب) آیئے اب ہم جنگل کے جانوروں کی گفتگو سے لطف اُٹھائیں گے۔

ایک جنگل میں بہت سے جانور رہتے تھے۔ کچھ دن سے لوگ اس جنگل کے درخت کاٹ رہے تھے۔ یہ دیکھ کر سارے جانور پریشان تھے کہ کیا کیا جائے؟ سب مل کر جنگل کے راجہ شیر کے پاس پہنچے۔

شیر: کیا بات ہے؟ تم سب لوگ ایک ساتھ یہاں کیوں آئے ہو؟

بندر: سرکار ایک مصیبت آئی ہے۔

شیر: کیسی مصیبت؟

خرگوش: اے جنگل کے راجہ! دن بہ دن ہمارا جنگل کٹتا جارہا ہے۔

بھالو: اگر یہی حال رہا تو ہم کہاں جائیں گے؟

چیتا: سچ ہے سرکار! ہمارے چھوٹے چھوٹے جانور جیسے خرگوش، ہرن، وغیرہ ختم ہوتے جارہے ہیں

شیر: بتاؤ آخر کیا کیا جائے؟

لومڑی: سرکار! انسان پڑھے لکھے ہوتے ہیں، کیوں نہ ہم کچھ نعرے لکھ کر لگائیں۔

چیتا: ہاں! ہاں! بالکل سچ ہے! ابھی سے ہم یہ کام شروع کرتے ہیں۔

شیر: ٹھیک ہے! نعرے لکھ کر لگادو۔

خرگوش: سرکار! یہ چند نعرے ہیں۔







SCERT TELANGANA

(ج) جانوروں کی گفتگو کے بارے میں سوالات کیے جائیں کون کون سے جانور بات کررہے ہیں؟

☆ جنگل کا راجہ کون ہے؟

(د) ج، چ، ح، خ سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



جوتا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ج | و | ت | ا |



حصیر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ح | ص | ی | ر |



چوہا

| | | | |
|---|---|---|---|
| چ | و | ہ | ا |



خربوزہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خ | ر | ب | و | ز | ہ |

(ہ) آواز کی پہچان کے بعد حروف ج، چ، ح، خ کو جلی حروف میں تختہ سیاہ پر لکھے جائیں



پڑھیے


(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔




جڑ



چیتا



حجّام



خرگوش

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔



جنگل میں نہر بہہ رہی ہے



آسمان پر چاند چمک رہا ہے



حجّام بال تراش رہا ہے




خرگوش گاجر کھا رہا ہے

SCERT TELANGANA

(ج) تصویریں بتا کر جملے کہلوائیے، کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوائیے۔ ان جملوں میں
ج چ ح خ سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروائیے۔





## لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف صاف خط میں لکھوائیے۔

ج ______ ______ ______ ______ ______ ______

چ ______ ______ ______ ______ ______ ______


ح ______ ______ ______ ______ ______ ______

خ ______ ______ ______ ______ ______ ______


(ب) نیچے دی گئی تصویروں کے نام پڑھوائیے، حروف کی شناخت کروائیے اور لکھوائیے۔



| ج | و | ت | ا |
|---|---|---|---|
| | | | |



| چ | ر | خ | ہ |
|---|---|---|---|
| | | | |




| خ | ر | ب | و | ز | ہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

SCERT TELANGANA

(ج) دی گئی تصویروں کے نام کا پہلا حرف لکھوائیے۔

 ____________

 ____________

 ____________

 ____________

(د) جدول میں دیئے گئے حروف پڑھنے اور لکھنے کی ترغیب دیجیے۔

| خ | ر |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

| ج | ا | ر |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

| چ | ا | ن |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

(ھ) نیچے دیے گئے حروف سے اشاروں کے مطابق الفاظ بنوائیے۔

| ه | خ | ر | چ |
|---|---|---|---|
| 4 | 3 | 2 | 1 |

◈ 4 اور 2 کو ملا کر لکھیے۔ ____________

◈ 2 اور 3 کو ملا کر لکھیے۔ ____________

◈ 3، 2 اور 1 کو ملا کر لکھیے۔ ____________

SCERT TELANGANA


(و) خالی جگہوں پر تصویروں کے نام لکھوائیں اور جملے مکمل کروائیں۔



______ جال کترتا ہے۔



______ ہرے رنگ کی ہے۔




______ گاجر کھاتا ہے۔



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔




______

SCERT TELANGANA

سبق - 4

# درزی

(د ڈ ذ ر ڑ ز ژ)



SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) تصویروں کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

2۔ لڑکا کیا کر رہا ہے؟

3۔ ہاتھی کپڑوں پر پانی کیوں ڈال رہا ہوگا؟

4۔ اگر آپ اس جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

(ب) آیئے اب ہم ایک درزی اور ہاتھی کی کہانی سنتے ہیں۔

ذاکر ایک درزی تھا' اس کی دوستی ایک ہاتھی سے تھی۔ ذاکر اپنے دوست ہاتھی کو روزانہ کیلا کھلایا کرتا تھا۔ ہمیشہ کی طرح ایک دن ہاتھی درزی کی دُکان پر پہنچا۔ اس دن ذاکر کے بجائے اس کا بیٹا ریحان دُکان پر بیٹھا تھا۔ ہاتھی کو آتا دیکھ کر ریحان کو شرارت سوجھی۔ کیلا کھلانے کے بجائے ریحان نے اس کی سونڈ میں ایک بڑی سوئی چبھودی اور زور زور سے ہنسنے لگا۔

ہاتھی کو غصہ آیا' لیکن وہ وہاں سے چپ چاپ چلا گیا۔ تالاب سے اپنی سونڈ میں گندہ پانی لے کر آیا اور دُکان میں موجود تمام نئے اور سلے ہوئے کپڑوں پر ڈال دیا۔ سارے کپڑے گندے ہوگئے۔ یہ دیکھ کر ریحان رونے لگا۔ ہاتھی سونڈ اُٹھا کر خوشی سے جھومنے لگا۔

(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے۔ اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) ڈ' ڈ' ز' ز' سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں' اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



دادا

| | | | |
|---|---|---|---|
| د | ا | د | ا |



ڈول

| | | |
|---|---|---|
| ڈ | و | ل |



روٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ر | و | ٹ | ی |



زمین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ز | م | ی | ن |

(ہ) آواز کی پہچان کے بعد حروف ڈ' ڈ' ز' ز' جلی حروفوں میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA



## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔



دُکان



ڈول



ریل




پہاڑ



ژراف

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوایئے۔



درزی ناپ لے رہا ہے



درزی کپڑے سی رہا ہے



درزی کپڑے کاٹ رہا ہے

(ج) تصویریں بتا کر طلبا سے جملے کہلوایئے۔ کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوایئے۔ ان جملوں میں د ڈ ر ژ سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروایئے۔









SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21



## لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف صاف خط میں لکھوائیے۔

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

(ب) طلبہ سے ذیل کے حروف ملا کر لکھوائیے۔

- ڈ: ر، ور، ول
- د: رزی، رد، وری
- ر: وپ، ات، وزی


(ج) جدول میں دیے گئے حروف کی مدد سے الفاظ لکھوائیے

مثال: در

| | | |
|---|---|---|
| ز | ڈ | د |
| ڑ | ر | ب |
| آ | پ | ذ |

SCERT TELANGANA

(ھ) تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروائیے۔

1۔  کپڑے سیتا ہے۔ 3۔ سپاہی  کھاتا ہے۔

________ کپڑے سیتا ہے۔ سپاہی ________ کھاتا ہے۔

2۔  میں پانی ہے۔ 4۔ جنگل میں  ہے۔

________ میں پانی ہے۔ جنگل میں ________ ہے۔

(و) ذیل کے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کروائیے۔

ڈور دوڑ زرد ڈال زراف

1۔ پتنگ کی ______ لانبی ہے۔ 3۔ پھول ______ ہے۔


2۔ اکبر ______ رہا ہے۔ 4۔ چڑیا ______ پر ہے۔

5۔ ______ کی گردن لانبی ہوتی ہے۔



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA

سبق - 5

# صبح و شام

(س ش ص ض)



SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :

1۔ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟

2۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کیوں مانگتے ہیں؟

3۔ تصویر میں والد اپنے بچوں سے کیا گفتگو کر رہے ہوں گے؟

4۔ والدین ہمیں نصیحت کیوں کرتے ہیں؟

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سنتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

صبح ہو کہ شام ہو　　لب پہ خدا کا نام ہو
راضی خدا کو کرنا ہی　　فقط تمہارا کام ہو
کرو نہ کوئی ایسا کام　　جس سے تم بدنام ہو
وہ سبھی کو دیتا ہے رزق　　چاہے خاص و عام ہو
شادؔ یہ مانگو رب سے دعا　　جگ میں تمہارا نام ہو

- محمد افتخار الدین شادؔ

(ج) طلبا کو بھی ترنم و اداکاری کے ساتھ نظم دہرانے کے لیے کہا جائے اور اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں

(د) س، ش، ص، ض سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



شیر

| | | |
|---|---|---|
| ش | ے | ر |



سیب

| | | |
|---|---|---|
| س | ے | ب |



ضعیف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ض | ع | ی | ف |




صابن

| | | | |
|---|---|---|---|
| ص | ا | ب | ن |

(ھ) آواز کی پہچان کے بعد حروف س، ش، ص، ض جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA



## پڑھیے

(الف) تصویروں کو ان کے نام سے جوڑنے لگوائیے۔



ص ا ب ن



ض ع ی ف



چ ق ن د ر




س ا ء ی ک ل

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔



بچہ سائیکل چلا رہا ہے



شیر جال میں پھنسا ہوا ہے




صندوق میں کپڑے ہیں



ضعیف شخص سڑک پار کر رہا ہے

SCERT TELANGANA

(ج) تصویریں بتا کر طلبا سے جملے کہلوائیے۔ کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوائیے۔ ان جملوں میں س ش ص ض سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروائیے۔



## لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف صاف خط میں لکھوائیے۔

س ______ ______ ______ ______

ش ______ ______ ______ ______

ص ______ ______ ______ ______

ض ______ ______ ______ ______

(ب) نیچے دیے گئے 'س' اور 'ش' کے الفاظ مکمل کروائیے۔

س:
- اس ______
- ال ______
- ات ______
- وگ ______
- ارس ______

ش:
- اخ ______
- ال ______
- ام ______
- ان ______
- کر ______


SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 21-2020

(ج) تصویروں کے نام لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔

1۔ مجھے  بہت پسند ہے۔

مجھے ________ بہت پسند ہے۔

2۔  میٹھا ہوتا ہے۔

________ میٹھا ہوتا ہے۔

3۔  سے ہاتھ دھو کر کھانا کھاؤ۔



________ سے ہاتھ دھو کر کھانا کھاؤ۔


4۔ میرے دادا جی بہت  ہیں۔

میرے دادا جی بہت ________ ہیں۔



سوچیے

نقطوں کو ملا کر طلبا سے تصویر مکمل کروا کر رنگ بھروائیں اور تصویر کا نام لکھوائیں۔



________

SCERT TELANGANA



سبق - 6

# طوطا

(ط ظ ع غ)






## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویروں کے بارے میں گفتگو کی جائے۔

1۔ پنجرے میں کیا ہے؟

2۔ طوطا درخت پر آسانی سے کیوں نظر نہیں آتا؟

3۔ چڑیا کیوں خاموش اور اُداس بیٹھی ہے؟

4۔ تصویر میں موجود بچوں کے نام دیجیے؟

5۔ کیا آپ نے کبھی کوئی پرندہ پالا ہے؟

SCERT TELANGANA

(ب) اب ہم ان پنجروں میں موجود پرندوں کی کہانی سنتے ہیں۔

ظفر کے گھر میں ایک چڑیا اور ایک طوطا ہے۔ اس نے ان دونوں کو الگ الگ پنجروں میں رکھا تھا۔ طوطا ہمیشہ اپنا پنجرہ صاف ستھرا رکھتا اور چڑیا گندگی میں رہتی تھی۔ ظفر اور اس کے دوست اکثر طوطے سے باتیں کر کے اپنا دل بہلاتے۔ چڑیا یہ دیکھ کر افسوس کرتی اور اُداس ہو جاتی تھی۔ ایک دن غازی اور عامر اپنے دوست ظفر سے ملنے آئے۔ کھیلتے کھیلتے وہ تینوں طوطے کے پاس گئے اور اس سے باتیں کرنے لگے۔ یہ دیکھ کر چڑیا رونے لگی۔ چڑیا کو روتا دیکھ کر ظفر نے کہا ''اگر تم بھی اپنا پنجرہ صاف رکھو گی تو ہم تم سے بھی باتیں کرنے آئیں گے۔'' ظفر کی بات سن کر چڑیا بھی اپنا پنجرہ صاف رکھنے لگی۔ پھر کیا تھا' ظفر عامر اور غازی' تینوں طوطے کے ساتھ چڑیا سے بھی اپنا دل بہلانے لگے۔

(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے۔ اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) ذیل کے حروف سے شروع ہونے والے الفاظ کی شناخت کہانی میں طلبا سے کروائیں۔

ط ظ ع غ

(ہ) ط' ظ' ع' غ سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں' اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



طوطا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ط | و | ط | ا |



ظروف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ظ | ر | و | ف |



عینک

| | | | |
|---|---|---|---|
| ع | ے | ن | ک |



غلیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| غ | ل | ے | ل |

(و) آواز کی پہچان کے بعد حروف ط' ظ' ع' غ جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA




## پڑھیے

(الف) طلبا تصویر سے تعلق رکھنے والے لفظ کی نشان دہی کریں۔ لفظ کو بہ آواز بلند پڑھیں۔

 طوطا ظروف غبارہ  پتنگ ظروف سارس

 عینک بندر نل  غلیل تربوز ڈھول

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے کہلوائیے اور ط، ظ، ع، غ سے شروع ہونے والے الفاظ پر دائرہ بنوائیے۔

طوطا جام کھا رہا ہے ظروف صاف ہیں عورت عینک لگائی ہوئی ہے غبارہ لال ہے

(ج) طلبا سے ذیل کے الفاظ پڑھوائیے۔

غار طبلہ ظروف عینک غبارہ ظلم

غریب طوطا عورت عادت غرض ظاہر

(د) معلم طلبا سے ذیل کے جملے پڑھوائیں۔ ان جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے پڑھوائیں۔

← بوڑھا عینک لگایا ہوا ہے۔ ← ظالم مت بن۔

← احمد نے میلے میں غبارہ خریدا۔ ← ارشد طبلہ بجا رہا ہے۔

← غریب کی مدد کر۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ذیل کے حروف کو صاف خط میں لکھوائیں۔

ط ______ ______ ______ ______ ______

ظ ______ ______ ______ ______ ______

ع ______ ______ ______ ______ ______

غ ______ ______ ______ ______ ______

(ب) ان الفاظ کے حروف کو الگ الگ کروائیں اور ط، ظ، ع، غ پر 'O' لگوائیں۔

غلط = غ + ل + ط            غریب = ______

ظالم = ______            عطر = ______

عبادت = ______            طاہر = ______

(ج) طلبا سے ذیل کے جملے پڑھوائیں اور خالی جگہوں کو پُر کروائیں۔

1۔ بچے غبارے سے کھیل رہے ہیں۔            بچے ______ سے کھیل رہے ہیں۔

2۔ اکرم طبلہ بجا رہا ہے۔            اکرم ______ بجا رہا ہے۔

3۔ میز پر عینک رکھی ہے۔            میز پر ______ رکھی ہے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے-2020-21

(د) دیے گئے الفاظ سے غیر متعلق لفظ کی نشاندہی کروائیں اور دیے گئے خانوں میں لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مثال: ظروف | ظروف | ظالم | ظروف | ظالم |
| 1۔ طوطا | طبلہ | طوطا | طوطا | |
| 2۔ عینک | عینک | چمک | عینک | |
| 3۔ غریب | غریب | قریب | غریب | |
| 4۔ ظاہر | ظاہر | طاہر | ظاہر | |

(ھ) تصویروں کے نام لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔

مثال:  پنجرے سے باہر اڑ رہا ہے۔

________ پنجرے سے باہر اُڑ رہا ہے۔

 آئینہ دیکھ رہی ہے۔

________ آئینہ دیکھ رہی ہے۔

 تین رنگ کے ہیں۔

________ تین رنگ کے ہیں۔

SCERT TELANGANA

(و) جدول میں دیے گئے حروف کی مدد سے الفاظ بنوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | و | ع | ل |
| ا | غ | ط | ت |
| ف | ر | ظ | ہ |

مثال: عارف

◆ ____________ ◆ ____________


◆ ____________ ◆ ____________

◆ ____________ ◆ ____________




سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



____________

SCERT TELANGANA



سبق - 7

# گڑیا

( ف ق ک گ )





سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :

1۔ تصویر میں کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ کیا آپ کے گاؤں یا محلے میں کھلونے والا آتا ہے؟

3۔ کیا آپ کو کھلونے پسند ہیں؟

4۔ تھوڑی دیر کے لیے کیا آپ کھلونے والا بن کر اس کی نقل کر سکتے ہیں؟

5۔ کیا آپ گڑیا کی طرح ناچ کر دکھا سکتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سنتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

کھلونے والا آیا ہے　　اچھے کھلونے لایا ہے
ناچنے والے گانے والے　　رنگ برنگے پیارے پیارے
مینڈک راجہ پھدک رہے ہیں　　بھالو کاکا اُچک رہے ہیں
دیکھو گڑیا جھوم رہی ہے　　چھم چھم کرتی گھوم رہی ہے
رانی آؤ ٹینا آؤ　　اپنی اپنی گڑیا پاؤ

(ج) طلبا کو بھی ترنم و اداکاری کے ساتھ نظم دہرانے کے لیے کہا جائے اور اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔

(د) نظم میں ذیل کے حروف سے شروع ہونے والے الفاظ کی شناخت طلبا سے کروائیں۔

ف　　ق　　ک　　گ

(ہ) ف، ق، ک، گ سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



فون

| | | |
|---|---|---|
| ف | و | ن |



گاجر

| | | | |
|---|---|---|---|
| گ | ا | ج | ر |



گلاب

| | | | |
|---|---|---|---|
| گ | ل | ا | ب |



کرسی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ک | ر | س | ی |



کبوتر

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ب | و | ت | ر |



قفل

| | | |
|---|---|---|
| ق | ف | ل |

(و) آواز کی پہچان کے بعد حروف ف، ق، ک، گ جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA



## پڑھیے


(الف) نیچے دیے گئے حروف پڑھوایے اور اشاروں کے مطابق عمل کروائیے۔

| 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|
| ل | ا | گ | ک | ق | ف |

- پہلا حرف کونسا ہے؟
- حروف 3 اور 6 کو ملا کر پڑھیے؟
- دوسرا حرف کونسا ہے؟
- حروف 6,5,4 کو ملا کر پڑھیے؟

(ب) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔ اور حروف ''ف'ق'ک'گ'' کی شناخت کروائیے۔


فقیر


قلم


کبوتر


گاجر

(ج) ذیل کے الفاظ پڑھوائیے اور غیر متعلق الفاظ پر دائرہ 'O' بنوائیے۔

- فون فون فراک فون
- گاجر گاجر گاجر گلاب
- قفل قلم قلم قلم
- کبوتر کرسی کبوتر کبوتر

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(د) ذیل میں دیئے گئے الفاظ طلبا سے روانی کے ساتھ پڑھوایئے۔

فراک قلم کرسی گڑیا برف فوج کان گاجر قمر قفل


(ھ) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوایئے' اور ان جملوں میں ف' ق' ک' گ سے شروع ہونے والے الفاظ پر دائرہ بنوایئے۔



لڑکا فون پر بات کر رہا ہے



لڑکی قلم سے لکھ رہی ہے



کرسی پر گیند ہے



بچے کھیل رہے ہیں



لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف کو صاف خط میں لکھوایئے۔

ف ________ ________ ________ ________

ق ________ ________ ________ ________



ک ________ ________ ________ ________

گ ________ ________ ________ ________

SCERT TELANGANA

(ب) تصویریں دیکھ کر خالی جگہوں میں مناسب الفاظ لکھوائیے۔

مثال:  ___کرسی___ پر گیند ہے۔

- سلیم  ______ سے تصویر اتار رہا ہے۔
- اسما کے ہاتھ میں  ______ ہے۔
- رانی  ______ سے کھیل رہی ہے۔

(ج) دیئے گئے جملے پڑھوائیے اور خالی جگہوں کو پُر کروائیے۔

- فراز ایک نیک لڑکا ہے۔

  _____ ایک نیک لڑکا ہے۔

- قمر کو قلم بہت پسند ہے۔

  _____ کو قلم بہت پسند ہے۔

- کوّا ڈال پر بیٹھا ہے۔


  _____ ڈال پر بیٹھا ہے۔

- خرگوش گاجر کھا رہا ہے۔

  خرگوش _____ کھا رہا ہے۔

SCERT TELANGANA

(د) مندرجہ ذیل تصاویر کے نام لکھنے کی مشق کروائیے





___________ ___________







___________ ___________



**سوچیے**


طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



___________




SCERT TELANGANA



## سبق - 8

# ہاتھی

( ل م ن و ہ ی ے )



SCERT TELANGANA



### سنیے - بولیے

**(الف) تصویروں کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے :**

1۔ اس تصویر میں آپ کو کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ کیا آپ نے کبھی کسی چڑیا گھر کی سیر کی ہے؟

3۔ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟

4۔ کیا آپ کو کسی جانور سے ڈر محسوس ہوتا ہے؟

5۔ کیا آپ ہاتھی پر بیٹھنا پسند کریں گے؟ کیوں؟

(ب) اب ہم ایک نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

ابّا چڑیا گھر لے جانا ہاتھی چیتے شیر دکھانا
پیاری چڑیوں کا وہ گانا چڑیا گھر لے جاکے سنانا
یہ لنگور ہیں یہ بندر ہیں یہ سب پنجروں کے اندر ہیں
یہ اک دریائی گھوڑا ہے یہ گینڈے کا اک جوڑا ہے
یہ ہرنیں ہیں پیاری پیاری قید میں لگتی ہیں دکھیاری
الّو چیل کبوتر شکرا بطخیں قازیں سارس بگلا
مور کو دیکھو ناچ رہا ہے ریچھ کو دیکھو بھاگ رہا ہے
چڑیا گھر میں سب حیواں ہیں شکر خدا کا ہم انساں ہیں

- ڈاکٹر سید عباس متقی

(ج) طلبا کو بھی یہ نظم ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہا جائے اور اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔

(د) نظم میں طلبا کو ذیل کے حروف سے شروع ہونے والے الفاظ کی شناخت کروائیں۔

ل م ن و ہ ی ے

SCERT TELANGANA

(ھ) ل، م، ن، و، ہ، ی، ے سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



لنگور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ل | ن | گ | و | ر |




مور

| | | |
|---|---|---|
| م | و | ر |



ناریل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ن | ا | ر | ی | ل |



ورق

| | | |
|---|---|---|
| و | ر | ق |



ہاتھی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہ | ا | ت | ھ | ی |



یکّہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی | ک | ک | ہ |

(و) آواز کی پہچان کے بعد حروف ب، پ، ت، ٹ، ث جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔



پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔



لڑکا



مرغی



ندی



وردی


SCERT TELANGANA

(ب) طلبا کو ذیل کے الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوایئے۔

ندی　وردی　نل　ہرن　مرغی　ناریل

وزن　ہرا　یکہ　لڑکا　ہاتھی　مور

(ج) تصویروں سے متعلق ذیل کے جملے پڑھوایئے اوران جملوں میں حروف ل، م، ن، و، ہ، ی، ے، والے الفاظ کی شناخت کروایئے۔



لومڑی پانی پی رہی ہے




مور ناچ رہا ہے



احمد ناریل کا پانی پی رہا ہے



لڑکی کتاب دیکھ رہی ہے



ہاتھی دوڑ رہا ہے



یہ یکّہ ہے



لکھیں

(الف) دیے گئے حروف صاف خط میں لکھوایئے۔

ل　م　ن　و　ہ　ی　ے

SCERT TELANGANA

(ب) ذیل کے حروف جوڑ کر طلبا سے الفاظ لکھوائیں۔

ل — ال ________
ل — اج ________
ل — ام ________


م — ور ________
م — ول ________
م — وچ ________

ن — اچ ________
ن — ام ________
ن — اک ________

و — رق ________
و — طن ________
و — زن ________

ہ — رن ________
ہ — را ________
ہ — اتھی ________

(د) تصویروں کی بنیاد پر خانہ پُری کروائیں۔



SCERT TELANGANA


(ج) تصویروں کے نام لکھ کر خالی جگہ پُر کروائیں۔



_________ بہت چالاک ہوتی ہے۔



_________ بہت خوبصورت ہوتا ہے۔



_________ بہت تیز دوڑتا ہے۔




_________ جل رہی ہے۔



**سوچیے**

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



_________________

SCERT TELANGANA

# حروفِ تہجی

ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ س ش ص ض

ط ظ ع غ ف ق

ک گ ل م ن و ہ

ی ے

(الف) ذیل کے حروف پڑھوایئے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | چ | د | س | ر | ع | ک | ش | ن |
| پ | ے | ٹ | ط | ی | ج | ص | ف | ل |
| غ | ظ | ت | ڈ | ب | ح | ڑ | گ | ز |
| و | ض | ذ | خ | ژ | م | ث | ہ | ق |

SCERT TELANGANA

(ب) خالی خانوں میں حروف تہجی ترتیب سے لکھوایئے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | | ت | | | ج | | |
| خ | | | ذ | ر | | | ژ | س |
| | ص | | | ظ | | غ | | ق |
| | گ | | م | | | ہ | ی | ے |

(ج) ذیل کے حروف کو ترتیب سے لکھوایئے۔

ا ٹ ت ث پ ب

(i) ____ ____ ____ ____ ____ ____

چ ح خ ج

(ii) ____ ____ ____ ____


ڈ ذ د ز ڑ ر ژ

(iii) ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

ش ع س غ ط ص ظ ض

(iv) ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____


SCERT TELANGANA



سبق - 9

# آرا

( ا آ و )



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں موجود آدمیوں کے نام ا، آ، و سے کیا ہو سکتے ہیں؟

2۔ یہ دو دوست کیا کر رہے ہیں؟

3۔ یہ درخت کیوں کاٹ رہے ہیں؟

4۔ لکڑی سے کون سی چیزیں بنائی جاتی ہیں؟

5۔ کیا آپ اوپر دی گئی تصویر کے متعلق کہانی سنا سکتے ہیں؟

(ب) اب ہم 'آرے' کی ایک کہانی سنیں گے۔

احمد اور آزر دو دوست تھے۔ روزانہ دونوں جنگل سے لکڑی کاٹ کر لاتے اور گزر بسر کرتے تھے۔ ایک دن وہ جنگل سے گزر رہے تھے' راستے میں انھیں دو آرے پڑے نظر آئے۔ جن میں ایک سونے کا اور دوسرا لوہے کا تھا۔ آزر جو کاہل تھا' اس نے سونے کا آرا اُٹھالیا اور احمد کو لوہے کا آرا ملا۔

آزر نے اپنے سونے کے آرے کو بازار میں فروخت کردیا اور ان پیسوں سے مزے اُڑانے لگا۔ لیکن چند ہی دنوں میں اس کے تمام پیسے ختم ہوگئے اور وہ غریب ہوگیا۔ ادھر احمد اپنے لوہے کے آرے کی مدد سے محنت ومزدوری کرنے لگا اور چند برسوں میں خوب دولت کمائی اور لکڑی کا بڑا تاجر بن گیا۔ آزر کو ملال ہوا لیکن وقت گزر چکا تھا۔ اب اس نے سوچا کہ حقیقت میں کاہلی اور لالچ بُری بلا ہے۔

(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے اور مختلف سوالات کیجیے۔


(د) 'آرا' ایک بے جوڑ حروف والا لفظ ہے۔ اس طرح کے مزید بے جوڑ الفاظ کی نشاندہی کہانی میں کروائیں۔

## پڑھیے


(الف) 'ا' 'آ' و سے شروع ہونے والے بے جوڑ الفاظ تصویروں کی مدد سے پڑھائیے۔ ان جیسے چند اور الفاظ کہلوائیے۔


ادرک


آگ


ورق

(ب) ذیل کے الفاظ پڑھوایئے اور متعلقہ تصویروں سے جوڑ نے لگوایئے۔


اوزار  آرا 

آم  ژراف 

(ج) انار کی تصویر پر دیئے گئے الفاظ طلبا سے پڑھایئے اور ان سے متعلق تصویروں پر دائرہ بنوایئے۔




(د) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوایئے۔ ان جملوں میں بے جوڑ حروف کے الفاظ کی نشاندہی کروایئے۔

اون کے کپڑے جسم کو گرم رکھتے ہیں    آگ جل رہی ہے    یہ ایک وردی ہے

SCERT TELANGANA




## لکھیے

(الف) ان لفظوں کو صاف خط میں لکھوائیں۔

| ادا | اون | آم | آگ | ورق | ورزش |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

(ب) طلبا سے کہیں کہ درخت پر موجود بے جوڑ الفاظ ڈھونڈ کر لکھیں۔




- ____________
- ____________
- ____________
- ____________
- ____________
- ____________

SCERT TELANGANA

(ج) 'آ' 'ا' اور 'و' کو دیے گئے حروف سے جوڑ کر الفاظ بنوایئے۔

آ
- رام ______
- زر ______
- واز ______

ا
- روی ______
- درک ______
- وزار ______

و
- رق ______
- ردی ______
- رم ______

(د) جدول میں دیئے گئے حروف اشاروں کے مطابق لکھوایئے۔

| آ | ر | ا | م |
|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 |

☆ حروف 1، 2، 3، 4 ملا کر لکھیے ______

☆ حروف 1 اور 4 ملا کر لکھیے ______


☆ حروف 1، 2 اور 3 ملا کر لکھیے ______


☆ حروف 2، 3 اور 4 ملا کر لکھیے ______

(ھ) خالی جگہوں میں تصویروں کا نام لکھوا کر جملے مکمل کروایئے۔

 ______ پکوان میں استعمال ہوتی ہے

 ______ میٹھا ہوتا ہے

 ______ سے موزے بنتے ہیں

 ______ مت پھاڑو

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(و) ذیل کے جملوں میں موجود بے جوڑ حروف کے الفاظ کو دیئے گئے خانوں میں لکھوائیے۔

☆ ژراف کی گردن لانبی ہوتی ہے۔

☆ بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔


☆ دن کے بعد رات آتی ہے۔

☆ اوزار نہ لو۔



## سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔




SCERT TELANGANA



سبق - 10

# پتنگ کی ڈور

(د ڈ ذ ر ڑ ز ژ)





## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں سوال کیے جائیں۔

- تصویر میں کتنی پتنگیں نظر آرہی ہیں؟
- پتنگ بازی کے دوران آپ کیسے محسوس کررہے تھے۔ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
- کتنے بچے پتنگ نہیں اڑا رہے ہیں؟
- کونسے خاص موقعے پر لوگ پتنگ اڑاتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم گنگناتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)


پتنگ ہوا میں اڑتی جائے — پتنگ ہوا میں اڑتی جائے
لوٹم لاٹی میں پھٹ جائے — ڈور پتنگ کی جب کٹ جائے
اس منظر کو دیکھ کے بچے — زور زور سے پھر چلّائے
پتنگ ہوا میں اڑتی جائے — پتنگ ہوا میں اڑتی جائے
پتنگ پتنگ سے پیچ لڑائے — پھر وہ بازی جیت بھی جائے
کٹی پتنگ کو دیکھ کے بچے — دوڑ دوڑ کے لوٹنے جائے
پتنگ ہوا میں اڑتی جائے
پتنگ ہوا میں اڑتی جائے

(ج) طلبا کو بھی یہ نظم ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہا جائے اور اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔



## پڑھیے

(الف) نظم میں بے جوڑ حروف والے الفاظ پر دائرہ 'O' بنوایئے۔
(ب) تصویریں دکھایئے اور نام کہلوایئے۔












SCERT TELANGANA

(ج) طلبا سے کہیں کہ ذیل کی تصویروں کو متعلقہ لفظوں سے جوڑیں۔

| | |
|---|---|
|  | وردی |
|  | درزی |
|  | دُم |
|  | دف |
|  | ژراف |

(د) د، ڈ، ذ، ر، ز، ژ کے محاذی حروف کو جوڑ کر الفاظ پڑھوائیں۔

د: ال، ام، اغ

ڈ: ال، ول، ور

ذ: ات، رہ، وق

ر: ات، وڈ، اج

ز: ردی، ر، ور

ژ: راف، الہ

SCERT TELANGANA

(ھ) ان لفظوں کو روانی کے ساتھ پڑھوائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دوا | آرا | ڈول | ژراف | رات | دادی |
| ڈرو | زور | ڈر | دم | داغ | راگ |
| راز | ذات | دام | راج | دار | زار |




(الف) ان لفظوں کو صاف خط میں لکھوائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوات | ژراف | وردی | داغ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |

(ب) تصویریں بتا کر طلبا سے نام لکھوائیں۔












________ ________ ________ ________

SCERT TELANGANA

(ج) اشاروں کے مطابق طلبا سے الفاظ بنوایئے۔





______ ______ ______ ______

______ ______ ______

(د) خالی جگہوں میں تصاویر کے نام لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔



______ سے پانی نکالا جاتا ہے۔



______ مجھے پسند ہے۔



______ پر طوطا بیٹھا ہوا ہے۔



______ سے سالن بنایا جاتا ہے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21


(ھ) جدول میں دیے گئے حروف سے الفاظ بنوایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| د | ژ | ڈ | ز |
| ذ | ر | ر | ر |
| ا | ا | ز | د |
| ت | ف | ن | ی |

مثال: ڈور

**سوچیے**

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔




SCERT TELANGANA

# سبق - 11

# بادل

(ب پ ت ٹ ث)



## سنیے - بولیے

**(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :**

1۔ تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

2۔ کسان کیا کر رہا ہے؟

3۔ بارش کے بعد جنگل کیسا ہوتا ہے؟

4۔ کیا آپ کو برسات کا موسم اچھا لگتا ہے؟ کیوں؟

5۔ بیل ہمارے کیا کیا کام آتے ہیں؟

6۔ بارش سے بچتے ہوئے دوڑنے کی اداکاری کیجیے؟

SCERT TELANGANA

(ب) اب ہم نظم ''بادل'' ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

کالے کالے بادل آئے — خوشیوں کے سندیسے لائے
بجلی چمکی بادل گرجے — ڈر سے بچے گھر میں دبکے
رِم جھم رِم جھم میگھا برسا — روپ چمن کا دیکھو نکھرا
مٹی سے پھر خوشبو پھوٹی — سوندھی سوندھی میٹھی میٹھی
جنگل جنگل ہرا بھرا ہے — کھیت میں پودا جھوم رہا ہے
جھرنے، چشمے، ندی، نالے — دریا ساگر اُمڈے سارے
بچے نقلی ناؤ بنائیں — بارش کا پھر لطف اُٹھائیں

(ج) بچوں سے یہ نظم ترنم واداکاری کے ساتھ سنیے اور مختلف سوالات کیجیے۔



## پڑھیے

(الف) نظم میں درج ذیل الفاظ پر دائرہ 'O' کا نشان لگایئے۔

بجلی بادل روپ کھیت مٹی خوشبو بچے پودا میٹھی

(ب) الفاظ کو الگ الگ کرکے پڑھوایئے۔


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بادل | ب | ا | د | ل |
| روپ | ر | و | پ | |
| کھیت | ک | ھ | ے | ت |
| پودا | پ | و | د | ا |

SCERT TELANGANA

(ج) ب، پ، ت، ٹ، ث سے شروع ہونے والے تصویروں کے نام سے طلبا کو واقف کروائیں۔


ب


بطخ


باٹ


بادل

پ


پری


پودا


پر


ت


ترازو



تتلی


تاج

ٹ


ٹوپی


ٹماٹر


ٹوکری

ث


ثمر



(د) معلم طلبا کو دو حرفی اور سہ حرفی لفظوں سے واقف کروائیں۔

مثلاً: دو حرفی: ن + ل = نل

سہ حرفی: چ + م + ن = چمن

SCERT TELANGANA

(ھ) طلبا سے یہ الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بابا | باقی | بالی | بانی |
| پاپا | پانی | پالی | پاپڑ |
| تالی | تائی | تایا | تارا |
| ٹاٹا | ٹافی | ٹاٹ | ٹوپی |
| ثالث | ثابت | ثواب | ثمر |





لکھیے

(الف) ان لفظوں کو صاف خط میں لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بال | بازار | پتنگ | پلنگ | تربوز |
| تتلی | ٹوپی | کوٹ | ثمر | ثابت |

SCERT TELANGANA

(ب) طلبا سے کہیں کہ جوڑ ملائیں، پڑھیں، لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بادل | آیا | ____________ |
| پانی | گرجا | ____________ |
| تاجر | دوڑا | ____________ |
| شیر | برسا | ____________ |

(ج) جدول میں دیے گئے حروف سے بامعنی الفاظ لکھوائیے۔


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بو | تا | با | پا | ٹو |
| نی | پی | ٹا | پ | جو |
| لو | ٹا | آ | با | ر |


مثال: جوتا


- ____________ - ____________ - ____________
- ____________ - ____________ - ____________
- ____________ - ____________ - ____________
- ____________ - ____________ - ____________

SCERT TELANGANA

(د) تصویر کی جگہ نام لکھوائیں اور جملہ مکمل کروائیں۔

میں نے  پہنی۔ __________

میں نے  کھایا۔ __________


میں نے  خریدی۔ __________

میں نے  دیکھا۔ __________



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



__________

SCERT TELANGANA



سبق - 12

# چوزے خاں

( ج‘ چ‘ ح‘ خ )



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے

1۔ تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

2۔ چاروں تصویروں میں کیا فرق ہے؟

3۔ کیا چوزے بات کر سکتے ہیں؟

4۔ کیا آپ کے گھر میں چوزے ہیں؟ وہ کیا کھاتے ہیں؟



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(ب) آیئے اب ہم اس تصویر سے متعلق کہانی سنیں گے۔

دو چوزے ایک دن سیر کو نکلے۔ انھیں راستے میں ایک بڑا درخت دکھائی دیا۔ وہ اُس درخت کے سائے میں کچھ دیر ٹھہر گئے۔ تھوڑی دیر بعد اُنھیں بھوک محسوس ہوئی۔ چوزوں نے دیکھا کہ خاک میں ایک کیچوا پڑا ہے۔ دونوں نے اُسے حاصل کرنے کے لیے دوڑ لگائی۔ ایک چوزے نے فوری کیچوے کو منہ میں دبوچ لیا۔ دوسرا چوزہ دیکھتا رہ گیا۔ لیکن دونوں اچھے دوست تھے اس لیے ان دونوں نے کیچوے کو بانٹ کر کھایا اور اپنی بھوک مٹائی۔

(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے اور مختلف سوالات کیجیے۔



## پڑھیے

(الف) طلبا سے ذیل کے الفاظ پڑھوائیں اور کہانی میں ان کی شناخت کروائیں۔

کیچوا　　چوزہ　　خاک　　دبوچ　　محسوس　　درخت


(ب) ج، چ، ح، خ سے شروع ہونے والے الفاظ طلبا سے کہلوائیں اور مزید اسی طرح کے الفاظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔


جوتا


چوزہ


حوض


خرگوش


جال


چابی


حجام


خربوزہ

SCERT TELANGANA

(ج) تصویر کی مدد سے جملے پڑھائیں۔

یہ  میرے ہیں۔

 بہت پیارا ہے۔

 بال تراش رہا ہے۔

 بلّی سے ڈرتا ہے۔

 گاجر کھاتا ہے۔

(د) طلبا سے کہیں کہ حروف جوڑیں اور الفاظ پڑھیں۔

چ + ا + ب + ی = چابی

ح + ا + ک + م = حاکم

ج + و + ہ + ی = جوہی

چ + ا + چ + ی = چاچی

ت + ا + ج + ر = تاجر

ت + ا + ج = تاج

م + ح + ل = محل

ب + ط + خ = بطخ

ش + ا + خ = شاخ

چ + م + چ = چمچ




SCERT TELANGANA




## لکھیے


(الف) طالب علم سے کہیں کہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں۔





مثال: جا + ا = جال




مثال: را + ج = راج




مثال: نا + چ = ناچ




مثال: بط + خ = بطخ

(ب) ان لفظوں کو صاف خط میں لکھوائیے۔

جال جوتا چابی چوزہ حوض خربوزہ

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(ج) خانوں میں دیے گئے دوحرفی الفاظ کی مدد سے سہ حرفی، چار حرفی الفاظ بنوائیں۔

مثال: چابی

| | | | |
|---|---|---|---|
| خا | چا | پی | ج |
| بی | تی | جا | م |
| خی | جی | حا | ک |
| حو | ر | ا | ن |
| جو | تا | خو | ض |

1. ______    5. ______

2. ______    6. ______


3. ______    7. ______

4. ______    8. ______



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



______


SCERT TELANGANA

# سورج

(س، ش، ص، ض)



سبق - 13



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :

1۔ عورت کیا کر رہی ہے؟

2۔ تصویر میں موجود اشیا کے نام کس حرف سے شروع ہوتے ہیں بتائیے؟

3۔ حوض کے قریب لڑکا کیا کر رہا ہے؟

4۔ کیا آپ اپنی امی جان کا کہنا مانتے ہیں؟

5۔ نماز پڑھ کر آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

(ب) اب ہم نظم ''سورج'' ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

سورج نکلا ، ہوا سویرا　　جگ سے بھاگا دُور اندھیرا
امّی جاگیں بابا جاگے　　شانو، شاہد بھیّا جاگے
کان اذاں پر دَھرنا اچھا　　رب کی عبادت کرنا اچھا
ضد کرنا کب رونا اچھا　　صبح نہانا دھونا اچھا
ناشتہ کرنا بستہ لینا　　پھر اسکول کا رستہ لینا

-رؤف خیر

(ج) بچوں سے یہ نظم ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھوایئے اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) درج ذیل الفاظ کی نظم میں نشاندہی کروایئے۔

سورج　　شانو　　شاہد　　صبح　　ضد



## پڑھیے

(الف) س، ش، ص، ض سے شروع ہونے والے الفاظ طلبا سے کہلوائیں اور مزید اسی طرح کے الفاظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔


صراحی


سوئی


سپاہی



صابن


ضعیف


شیر

SCERT TELANGANA

(ب) دیے گئے الفاظ روانی سے پڑھوایئے اور س، ش، ص، ض کی شناخت کے بعد انھیں علاحدہ کروایئے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تیرا | سزا | میرا | شیر | مور | صحن |
| ساگ | شان | سات | صحت | کرو | ضرب |
| مرض | فرض | عرض | قرض | شال | ضد |

(ج) اشاروں کی مدد سے حروف جوڑ کر لفظ پڑھوایئے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| س | و | ر | ج | ص | ا | ب | ن |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |

- خانہ نمبر 4,3,2,1 کے حروف ملا کر پڑھوایئے۔
- 4،6،3 حروف ملا کر پڑھوایئے۔
- 7 اور 8 حروف کو ملا کر پڑھوایئے۔
- 3،2،6 حروف کو ملا کر پڑھوایئے۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ذیل کے دو دو حروف استعمال کرواتے ہوئے بامعنی الفاظ لکھوائیں۔

فر    خا    کا    مو    شو    تو

مثال • شو ____ ر     • ____ ل

• ____ ل     • ____ ش

• ____ ص     • ____ ض

(ب) ان لفظوں کو صاف خط میں لکھوائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سپاہی | شلجم | صراحی | ضعیف |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| سارس | شبنم | صحن | مریض |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

SCERT TELANGANA


(ج) خالی جگہوں میں تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروائیں۔



______ بڑا ہے۔



______ زہریلا ہوتا ہے۔



آسمان پر ______ ہیں۔




جنگل میں ______ ہیں۔



سوچیے

تصویر دیکھیے، اتاریئے، رنگ بھریئے اور نام لکھیے۔




SCERT TELANGANA

سبق - 14

# غلیل

(ط‘ظ‘ع‘غ)



SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :

1۔ گھر کے صحن میں کتنے پودے ہیں؟

2۔ تصویر میں کون سا پرندہ قید ہے؟

3۔ لڑکے کے ہاتھ میں کیا ہے؟

4۔ کیا آپ نے کبھی غلیل استعمال کی ہے؟ بتائیے؟

5۔ اگر طوطے کی طرح آپ کو قید کر دیا جائے تو آپ کیسا محسوس کریں گے؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(ب) اب ہم نظم ''طوطا'' ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

طاہر نے ایک طوطا پالا    پیاری پیاری رنگت والا
بڑی غضب کی اُڑان اس کی    دیکھو نرالی شان اس کی
ایک دن چھت پر جب وہ بیٹھا    میں نے غلیل سے اس کو مارا
عادل نے جب ظلم یہ دیکھا    سرپٹ دوڑا پانی لایا
طوطے کو جب پانی پلایا    طوطا پھر سے اُڑنے پایا

(ج) بچوں سے یہ نظم ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھوایئے اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) نظم میں ط، ظ، ع، غ سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔

طوطا    غلیل    غوث    ظروف    عادل    ظہرانہ



## پڑھیے

(الف) ذیل میں دی گئی تصویریں دکھایئے اور بچوں سے نام کہلوایئے۔ لکھے ہوئے نام تختۂ سیاہ پر لکھیے اور ان میں حروف ط، ظ، ع، غ کی شناخت کروایئے۔




طوطا



ظروف



عینک



غبارہ

SCERT TELANGANA

(ب) تصویریں بتا کر جملے کہلوایئے۔ کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوایئے۔



عورت ظروف دھو رہی ہے



دادا عینک لگائے ہوئے ہیں





غبارہ لال ہے



بچہ طبلہ بجا رہا ہے

(ج) طلبا سے کہیں کہ دیئے گئے حروف جوڑیں اور لکھیں۔



مثال: عارف

______


______

______

______

SCERT TELANGANA

(د) درجہ ذیل الفاظ روانی سے پڑھائیے۔




(ھ) پتّوں میں دیئے گئے دو دو حروف کو جوڑتے ہوئے بامعنی چار حرفی الفاظ بنائیں۔

مثال: طاہر ____________

____________

____________

____________

____________

____________




SCERT TELANGANA




## لکھیے

(الف) مثال کے مطابق طلبا سے الفاظ لکھوائیے۔

مثال: ظالم

| | | |
|---|---|---|
| ئب | | |
| لب | | |
| قت | | ظ |
| ق | ا | غ |
| لم | | ط |
| ہر | | |
| زی | | |


مثال: عبارت




(ب) طلبا سے خالی جگہ پر تصویر کا نام لکھوائیے اور جملے مکمل کروائیے۔



________ ہرا ہے۔



________ لال ہے۔



________ میں کتابیں رکھی ہیں۔

SCERT TELANGANA

(ج) طلبا سے کہیں کہ ذیل کے حروف ملا کر الفاظ بنائیں۔

- ب + ا + غ = ______
- ط + ا + ق = ______
- ظ + ر + و + ف = ______
- غ + ا + ر = ______
- غ + ر + و + ر = ______


(د) ذیل میں دیے گئے الفاظ طلبا سے پڑھوائیں اور صاف خط میں لکھوائیں۔

| مطلب | مظہر | معلوم | جمع | مضبوط | باغ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |


SCERT TELANGANA

سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔




______




سبق - 15

# قلم

(ف،ق،ک،گ)



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا کو تصویر دکھائیں اور مختلف سوالات کریں۔

1۔ تصویر میں آپ کو کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ دادا جی کیا پڑھ رہے ہوں گے؟

3۔ پڑھنا لکھنا کیوں ضروری ہے بتایئے؟

4۔ آپ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں؟

5۔ کیا آپ کو نظمیں پسند ہیں؟ کوئی اچھی سی نظم سنایئے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سنتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

لاؤ کاغذ اور قلم ‌ ‌ ‌ راحت، فرحت، اور مریم
فاروقی کو بلواؤ ‌ ‌ ‌ کہنا فوراً آجاؤ
گا کر نظم سنانا ہے ‌ ‌ ‌ سب کا دل بہلانا ہے
نظمیں کہنا خود سیکھو ‌ ‌ ‌ من میں کیا ہے خود بولو
حالؔی غالبؔ اور اقبالؔ ‌ ‌ ‌ علم سے سب ہیں مالا مال

۔رؤف خیرؔ

(ج) بچوں سے یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھایئے اور چند سوالات کیجیے۔



## پڑھیے

(الف) نظم میں درج ذیل الفاظ پر دائرے 'O' کا نشان لگوایئے۔

فاروقی ‌ ‌ ‌ کاغذ ‌ ‌ ‌ قلم ‌ ‌ ‌ فرحت

(ب) حروف ف ، ق ، ک ، گ سے شروع ہونے والے لفظ بچوں سے پڑھوایئے۔ مزید اسی طرح کے الفاظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیجیے۔


فقیر


قیدی



کتاب


گلہری


فوجی


قفل

SCERT TELANGANA

(ج) طلبا کو تصویریں دکھایئے الفاظ پڑھایئے اور حروف کی شناخت کروایئے۔



قوس

قو | س



فون

فو | ن



گڑیا

گڑ | یا



فوجی

فو | جی



طاق

طا | ق



قیدی

قید | ی



کرسی

کر | سی

(د) دیئے گئے حروف ملا کر پڑھایئے۔

گ + ر + د + ن = گردن

ف + و + ن = فون

ک + و + ٹ = کوٹ

ک + ا + م = کام


ف + و + ج = فوج

گ + ا + ل = گال

(ہ) طلبا سے کہیں کہ تصویروں کو ان کے متعلقہ الفاظ سے جوڑیں۔




کرسی



گاجر



بندوق



پھول



قلم




کتاب


SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) دیے گئے حروف کو 'ا' اور 'و' سے ملا کر لکھوائیے۔




(ب) دیے گئے حروف کو ملا کر بامعنی الفاظ بنوائیے۔

رت قا ری ل گو ئل قد گا فو

کو فر قو جی لی ضی جر بل سم

مثال: کوئل

★ ________ ★ ________ ★ ________

★ ________ ★ ________ ★ ________

★ ________ ★ ________ ★ ________

SCERT TELANGANA

(ج) ف، ق سے شروع ہونے والے لڑکے اورلڑکیوں کے نام لکھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔




______در



______سم



______طمہ



______زیہ





______مل




______ضل

(د) تصویریں بتا کر الفاظ مکمل کروائیے۔ اوران لفظوں کو جوڑ کر لکھوائیے۔


______+و+ن ______+ل+م ______+ا+ن ______+ا+ئے



______+و+ج ______+و+ٹ ______+ی+ف ______+ر+د+ن

(ھ) خالی جگہ پر تصویروں کے نام لکھوائیے اور جملے مکمل کروائیے۔


 اوپر ہے۔

یہ کالا  کس کا ہے؟

______ اوپر ہے۔

یہ کالا ______ کس کا ہے؟

SCERT TELANGANA


 ایک ترکاری ہے۔ ہم  سے لکھتے ہیں ۔

______ ایک ترکاری ہے۔ ہم ______ سے لکھتے ہیں ۔



## سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



______

SCERT TELANGANA

سبق - 16

# علم کا گہنا

(ل، م، ن، ہ)



SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے مطابق بچوں سے گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں کون ہیں؟ کیا کر رہے ہیں؟

2۔ کمرۂ جماعت کی دیوار پر کون سی تصاویر ہیں؟

3۔ مدرسہ میں آپ کیا کرتے ہیں؟

4۔ تصویر میں کھڑکی سے کیا نظر آرہا ہے؟

5۔ جس لڑکی کے ہاتھ میں تختی نہیں ہے وہ کیا کر رہی ہے؟

6۔ آپ پڑھ لکھ کر کیا بننا چاہتے ہیں؟

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سناتے ہیں۔(معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)


بچے پیارے پیارے ہم ؛ جگ کے راج دلارے ہم
عزّت کے رکھ والے ہم ؛ سب کی آنکھ کے تارے ہم
کام اپنا بس ہے اتنا ؛ پڑھ لکھ کر آگے بڑھنا
علم و ادب کا ساتھی بن ؛ سب سے بڑا ہے علم و فن
اپنا وعدہ ہے سب سے ؛ دور جہالت ہو جگ سے

(ج) بچوں کو نظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہیں۔




## پڑھیے


(الف) تصویریں بتا کر نام کہلوائیے۔




(ب) اشاروں کے مطابق حروف کو ملا کر پڑھوائیے۔




SCERT TELANGANA




(ج) ان الفاظ کو روانی سے پڑھوایئے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لگام | مور | ناپ | ہرن | لال |
| موز | نرم | ہزار | موٹا | نوکر |
| لڑکا | ہونٹ | لوری | لوٹا | مور |
| نور | ناخن | لڑکی | نان | نل |
| من | ہرن | ہار | نانی | ناک |

(د) دیے گئے حروف ملا کر پڑھوایئے۔

م + س + ج + د　　ن + ا + ک


ن + ا + خ + ن　　ہ + ا + ر

ل + ا + ر + ی　　ن + ا + ن

ہ + و + ن + ٹ　　م + و + ت + ی

(ھ) طلبا سے کہیں کہ تصویروں کو ان کے نام سے جوڑیں۔

 ناخن  مسجد

 نان  ہونٹ

 لاری  ہار

SCERT TELANGANA

(و) خالی جگہوں کو دیے گئے مناسب لفظ سے پُر کرتے ہوئے جملہ پڑھائیں۔

مور　　ناخن　　لوری　　نل

1۔ ______ سے پانی بھرتے ہیں۔　　3۔ ______ صاف رکھو۔

2۔ ______ ناچ رہا ہے۔　　4۔ ماں ______ سنا رہی ہے۔



## لکھیے

(الف) ان الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کروایئے۔

لال　لانا　لوگ　موزہ　مالی　مالا　ناپ　نانی　نوکر

◈ ٹماٹر ______ ہے۔　　◈ انگور اور انار ______ ہے۔

◈ ______ پہنو۔　　◈ باغ میں ______ ہے۔

◈ ______ آرہے ہیں۔　　◈ رانی ______ پہنی ہے۔

◈ ______ کام کر رہا ہے۔　　◈ درزی ______ لے رہا ہے۔

◈ ______ کہانی سناتی ہے۔

(ب) ان حروف کو ملا کر الفاظ لکھوایئے۔

مثال: ل + و + م + ڑ + ی = لومڑی

م + و + ل + ی = ______

ن + د + ی = ______

ہ + ر + ن = ______

SCERT TELANGANA

(ج) اشاروں کے مطابق ان دو حرفی الفاظ کو 'ا' 'و' 'ی' سے جوڑ کر الفاظ بنوائیے۔

مثال: میری

مثال: میرا

ی — میر — ا

تیر

ہر

مل

ی — مل — و

چل

تل

پھل

(د) تصویروں کی مدد سے الفاظ مکمل کروائیے اور انہیں جوڑ کر لکھوائیے۔







____ + ڑ + ک + ی

م + ____ + ز

ن + د + ____


(ھ) ان حروف کو جوڑ کر الفاظ لکھوائیے۔

- م + د + ا + ر = ________
- م + ا + ل = ________
- ل + ع + ل = ________
- ل + ا + ج = ________
- ن + ا + پ = ________
- م + ج + ا + ل = ________
- ہ + و + ا = ________
- ل + گ + ا + م = ________
- م + و + ت + ی = ________
- ہ + ل = ________

SCERT TELANGANA

## سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔2020-21

# پھول

(ہائے مخلوط)

سبق - 17



SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) اس تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔

1۔ تصویر میں کیا نظر آ رہا ہے؟

2۔ صحت مند رہنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

3۔ کیا آپ نے کبھی کسی باغ کی سیر کی ہے؟ بتائیے آپ نے کیسا محسوس کیا؟

4۔ صبح کس وقت جاگنا چاہیے؟



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سناتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

مست فضا ہے خوش خوش جھومو　　گول ہے دنیا تم بھی گھومو
ڈھول بجاؤ جھوم کے گاؤ　　موسم کا تم لطف اُٹھاؤ
صبح سویرے جاگو بچو　　باغ کی سیر کو جاؤ بچو
تازہ ہوا جو تم کو ملے گی　　صحت تمہاری خوب بنے گی
صبح سویرے گھاس پہ دوڑو　　ورزش سے تم منہ مت موڑو
گر ہو اچھی صحت تمہاری　　علم کی دولت ملے گی ساری


(ج) طلبا سے یہ نظم ترنم کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہا جائے اور اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔


## پڑھیے

(الف) نظم میں ایسے لفظوں پر دائرہ 'O' بنوایئے جن میں 'ھ' کا استعمال ہوا ہے۔

(ب) طلبا سے کہیں کہ تصویر دیکھ کر نام بتائیں۔ بتائے ہوئے نام تختۂ سیاہ پر لکھیں اور مخلوط حروف کی شناخت کروائیں۔



(ج) ان الفاظ کو روانی سے پڑھایئے۔


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تھام | جھول | کھڑی | گھاٹ | بھول |
| تھال | بھوک | چھڑی | بھات | ڈھول |
| جھوم | پھول | دھوپ | کھڑا | بھوت |

SCERT TELANGANA

(د) الگ الگ حروف اور ان سے بننے والے الفاظ سے واقف کرواتے ہوئے طلبا کو روانی سے پڑھایئے۔


| | |
|---|---|
| بھ + و + ک = بھوک | کھ + و + ل = کھول |
| گھ + و + ڑ + ا = گھوڑا | چھ + ت + ر + ی = چھتری |
| جھ + و + ل + ا = جھولا | پھ + و + ل = پھول |
| جھ + ڑ + ی = جھڑی | بھ + و + ل = بھول |
| چھ + ڑ + ی = چھڑی | گھ + ڑ + ا = گھڑا |

(ہ) تصویر کی مدد سے جملے پڑھایئے۔


دوڑ رہا ہے۔


خوبصورت ہے۔


مت بجا۔


کھلی ہے۔

(و) طلبا سے ذیل کے جملے پڑھائیں اور دو چشمی ''ھ'' کی نشاندہی کروائیں۔

بہت تیز دھوپ ہے۔

گھوڑا سفید ہے۔

دھوپ میں جھولا مت جھولو۔

بھینس دودھ دیتی ہے۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) الگ الگ خانوں میں لکھے ہوئے حروف کو دو چشمی ''ھ'' سے جوڑ کر لفظ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بڑ | | نا |
| پڑ | | نا |
| چڑ | ھ | نا |
| ج | | ڑنا |
| گ | | ڑنا |

(ب) ہر سطر کے بے تعلق لفظ کی نشان دہی کر کے 'O' کا نشان لگوائیں۔

- پڑھ    لکھ    سکھ    روک
- اگر    تھا    تھی    تھے
- اچھا    اچھی    اچھے    ہے
- دودھ    گھی    گھر    ہم

(ج) طلبا خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

دودھ    جھولا    پھول    دھوپ

1۔ بھینس ______ دیتی ہے۔

2۔ ______ میں خوشبو ہوتی ہے۔

3۔ لڑکی ______ جھول رہی ہے۔

4۔ گرما کے موسم میں ______ تیز ہوتی ہے۔

SCERT TELANGANA

(د) دیے گئے حروف کی مدد سے لفظ بنوائیں۔

چھ + ڑ + ی = ____________

گھ + ڑ + ی = ____________

پھ + و + ل = ____________

بھ + ا + ل + و = ____________

چھ + ت + ر ی = ____________

SCERT TELANGANA

(ھ) خالی جگہ میں تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروائیں۔





یہ ______ ہے۔

______ میں ترکاری لا۔





______ گندی جگہ پر رہتی ہے۔

______ کو شہد بہت پسند ہے۔



بارش اور دھوپ میں ______ استعمال ہوتی ہے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(و) طلبا کو ہدایت دیں کہ سوچ کر جملے مکمل کریں۔

1۔ احمد نے ہوا کے لیے ________ کھولی۔

2۔ گلاب کا ________ خوبصورت ہوتا ہے۔

3۔ عورتیں ________ بجا رہی ہیں۔

4۔ ٹھیلے پر ________ ہیں۔

(ز) ذیل کے الفاظ صاف خط لکھوائیں۔


| ڈھول | کھیل | ٹھیلا | ہاتھی | تھال | بھالو |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

SCERT TELANGANA



سوچیے


طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



# سونی - مونی

(یائے معروف)

سبق - 18



سنیے - بولیے

(الف) آیئے اب ہم ''سونی مونی'' کی کہانی سنتے ہیں۔

سونی اور مونی چڑیا کے دو بچے درخت کی شاخ پر بیٹھے ہوئے تھے۔ نیچے ایک بالٹی میں رنگین پانی تھا۔اچانک سونی مونی جھگڑنے لگے۔سونی مونی جھگڑتے ہوئے رنگین پانی میں جا گرے۔رنگین سونی مونی جب اپنے گھر لوٹے تو انھیں ان کی ماں پہچان نہ سکی اور مار بھگایا۔سونی مونی روتے ہوئے اُڑنے لگے۔اڑتے اڑتے انھیں ایک پانی سے بھرا ٹب نظر آیا۔دونوں نے ٹب میں ڈبکی لگائی۔ان کے پروں پر لگا ہوا رنگ دُھل گیا۔سونی مونی واپس اپنے گھر گئے ماں نے انھیں پہچان لیا اور دانہ کھلانے لگی۔

SCERT TELANGANA

(ب) سبق کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں۔

1۔ تصویر دیکھیے اور بتائیے کہ چڑیا کے بچے کہاں بیٹھے ہوئے ہیں؟

2۔ وہ رنگین پانی میں کیسے گر گئے؟

3۔ انھیں دیکھ کر ماں نے کیا کیا؟

4۔ ان کے پروں پر لگا ہوا رنگ کیسے دھل گیا؟

5۔ اگر آپ ایسی شرارت کرتے تو آپ کی امی کیا کرتیں؟


(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے اور مختلف سوالات کیجیے۔



## پڑھیے

(الف) کہانی میں ایسے الفاظ پر دائرہ 'O' بنائیے جن کے آخر میں حرف 'ی' ہو۔

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھائیے اور ایسے لفظوں پر دائرہ 'O' لگائیے جن کے آخر میں 'ی' ہو۔



کھڑکی کھلی ہے



تتلی اُڑ رہی ہے



لاری سڑک پر چلتی ہے

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے-2020-21

(ج) ایسے الفاظ کی نشاندہی کروایئے جن کے آخر میں یائے معروف (ی) استعمال ہوا ہو اور انھیں قوس میں لکھوایئے۔

- پھول کلی پھل امیر = (    )
- ڈالی پتّہ پیڑ شکیل = (    )
- جمیل لڑکی عورت لڑکا = (    )
- کتّا مچھر مکڑی بیل = (    )
- فقیر پولیس آدمی چور = (    )

(د) طلبا کو واقف کروائیں کہ جب یائے معروف درمیان میں آتا ہے تو (یہ) کے نقطوں کے ساتھ کھڑی زیر لگائی جاتی ہے۔ ذیل کے الفاظ روانی سے پڑھیے اور یائے معروف کی ان دو شکلوں اور آوازوں سے طلبا کو واقف کروایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| پری | رانی | ڈالی |
| لاری | مالی | کھڑکی |
| جالی | دادی | آدھی |

| | | |
|---|---|---|
| امیر | لکیر | غریب |
| وزیر | چیل | جھیل |
| کھیر | تیر | فقیر |

(ہ) طلبا سے ذیل کے جملوں کو پڑھوایئے اور ان الفاظ کی نشاندہی کروایئے جس میں یائے معروف کا استعمال ہوا ہے۔

- مکڑی جالا بنتی ہے۔
- مالے میں موتی ہے۔
- آج سردی ہے۔
- یہ پولیس کی وردی ہے۔
- دادی جان بیمار ہے۔
- آج پیر ہے۔
- کھیر میٹھی ہے۔
- گڑیا حسین ہے۔
- جھیل میں مچھلی ہے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21



## لکھیے

**(الف) خالی جگہ پر تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروائیے۔**

★ 

جالا بنتی ہے۔

________ جالا بنتی ہے۔

★ 

خالی ہے۔

________ خالی ہے۔

★ 

پر پھول ہیں۔

________ پر پھول ہیں۔

★ 


پھولوں پر منڈلاتی ہے۔

________ پھولوں پر منڈلاتی ہے۔

★ 

سڑک پر چلتی ہے۔

________ سڑک پر چلتی ہے۔


★ 

بند کرو۔

________ بند کرو۔

**(ب) طلبا سے کہیے کہ حروف جوڑ کر یائے معروف والے الفاظ بنائیں۔**


مثال:




- سردی
- ________
- ________
- ________
- ________

SCERT TELANGANA

مثال: کھیر




(ج) ذیل کے الفاظ صاف خط میں لکھوائیے۔

لڑکی    رانی    چیل    تیر

(د) ان الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروائیے۔

لڑکی    تتلی    چیل    کھیر    ڈالی

- ________ کھیل رہی ہے۔
- ________ رنگین ہے۔
- ________ میٹھی ہے۔
- ________ پر پھول کھلا ہے۔
- ________ اُڑ رہی ہے۔

SCERT TELANGANA


(ھ) جدول میں دیے گئے حروف کی مدد سے الفاظ بنوایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| گھ | م | ب |
| ل | ک | ڑ |
| چھ | چ | ی |

مثال : گھڑی

سوچیے

طلبا سے کہیں کہ تصویر دیکھیے' اتاریئے' رنگ بھریے اور نام لکھئے۔



SCERT TELANGANA

سبق - 19

# بیر کا پیڑ

(یائے مجہول)



SCERT

## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کی جائے:

1۔ باغ میں کون کون ہیں؟

2۔ باغ میں کون سے پھول ہیں؟

3۔ مخملی گھاس پر کیا ہے؟

4۔ پیڑ پر کیا لگے ہیں؟

5۔ بیر کا مزہ کیسا ہوتا ہے؟

(ب) بچوں کونظم ترنم سے پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

آؤ آؤ باغ کو جائیں ؛ باغ کو جاکر دل بہلائیں

گیندا، جوہی اور چنبیلی ؛ مخملی گھاس پہ بیر بہوٹی

سیب، سپوٹا اور موسمبی ؛ کھٹے میٹھے، بیر و املی

بیر کے پیڑ کو خوب ہلائیں ؛ پکے پکے بیر گرائیں


(ج) بچوں کو یہ نظم ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔

## پڑھیے

(الف) نظم میں ' ے ' پر ختم ہونے والے الفاظ پر دائرہ 'O' کا نشان لگوایئے اور اس کی آواز سے طلبا کو واقف کروایئے۔

(ب) ان تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوایئے ان جملوں میں الفاظ بیر' سیب اور شیر کی نشان دہی کروایئے۔


یہ بیر ہیں


ٹوکری میں سیب ہیں


شیر پنجرے میں ہے

(ج) ذیل کے الفاظ پڑھوایئے اور آواز کا فرق بتایئے؟

میز جیب تیل نیک پیڑ ریل

بیر بیل غیر سیب سفید سیر

SCERT TELANGANA


(د) ذیل کے الفاظ پڑھوایئے اور طلبا سے پوچھیں کہ خط کشیدہ حروف میں کیا فرق ہے؟


1۔ میز - ریل　　2۔ سیب - بیل


3۔ پیر - غیر　　4۔ نیک - پیر

5۔ جائے - سیر　　6۔ دیگ - سفید

(ھ) تصویروں کی مدد سے الفاظ پڑھوایئے۔



سیب


دیگ



میز



پیڑ

(و) تصویروں کی مدد سے جملے مکمل کروایئے۔


_____ میں کھانا ہے۔


_____ پر کتاب ہے۔


_____ پنجرے میں ہے۔


_____ میں روپئے ہیں۔


_____ کھڑے ہیں۔


لکھیے

(الف) ذیل کے ایسے الفاظ کو خانوں میں لکھوایئے جن میں 'ے' کا استعمال ہوا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کرسی۔میز۔کپڑا | | شیر۔بکرا۔چوہا | |
| لڑکے۔تھال۔مال | | کالا۔سفید۔لال | |

SCERT TELANGANA

(ب) پھیلا کر پڑھے جانے والے یائے مجہول کے الفاظ الگ کیجیے۔



ایسا سیب میدان کیسے میلہ جیل جیسا نیک کیسا

مثال: ایسا

← ____________ ← ____________

← ____________ ← ____________

(ج) ان تصویروں کے نام لکھوائیے۔

____________ ____________ ____________ ____________ ____________

(د) ان حروف کو ملا کر الفاظ لکھوائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | س | ے | ا |
| ہ | س | ے | پ |
| ا | س | ے | ج |
| ا | س | ے | ک |

____________

____________

____________

____________

| | | |
|---|---|---|
| ک | ے | ن |
| ڑ | ے | پ |
| ر | ے | ش |

____________


____________

____________




سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



____________


SCERT TELANGANA



سبق - 20

# بچہ مزدور

(واوٴ معروف)





## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں بچہ کیا کر رہا ہے؟

2۔ بچوں کو مزدوری کرنا چاہیے یا پڑھنا؟ کیوں؟

3۔ اگر آپ اس بچے کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

4۔ تعلیم حاصل کرنا کیوں ضروری ہے؟

SCERT TELANGANA

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سناتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

ایک بچے کا پیارا روپ — سَنولاتی ہے جس کو دھوپ
چہرے پر ہے دھول بہت — لیکن وہ مشغول بہت
کام پہ وہ مجبور بہت — اور تھکن سے چور بہت
علم سے کوسوں دور ہے وہ — غربت سے مجبور ہے وہ
بے علمی اک لعنت ہے — سب سے بڑی یہ غربت ہے
بات کو مت دو طول بہت — ملک میں ہیں اسکول بہت
جب علمی بچپن ہوگا
مستقبل روشن ہوگا


۔ رؤف خیر

(ج) بچوں کو یہ نظم ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔



## پڑھیے

(الف) ذیل کے الفاظ تصویروں کی مدد سے پڑھوائیں۔




سورج



پھول



جوتا



سوئی



مولی



کاجو



کبوتر


SCERT TELANGANA

(ب) ذیل کے الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوائیے اور واوٴ معروف کی آواز سے واقف کروائیے۔


نوٗر حوٗر طوٗر خوٗن صوٗرت جوٗن


دوٗری نوٗری دھوٗپ کاجوٗ سوٗئی


(ج) طلبا سے کہیں کہ تصویریں دیکھیں، جملے کہیں، اور واوٴ معروف والے الفاظ پر دائرہ 'O' کا نشان لگائیں۔

★ پیر میں  ہیں۔ (      )

★ ٹوکری میں  ہیں۔ (      )

★  دوڑ رہا ہے۔ (      )

★  تیز ہوتی ہے۔ (      )

★  کچّی کھائی جاتی ہے۔ (      )

★ یہ رنگ برنگی  ہیں۔ (      )

(د) دیئے گئے الفاظ روانی سے پڑھوائیے۔

پھول کبوتر مزدور مجبور دور

ڈھول چور نور خوب چوہا

SCERT TELANGANA

(ھ) دیے گئے جملے پڑھوایئے۔ واؤ معروف والے الفاظ پر دائرہ 'O' کا نشان لگوایئے۔

◈ انگور میٹھے ہیں۔ ◈ میرے جوتے اچھے ہیں۔

◈ یہ گلاب کا پھول ہے۔ ◈ وہ مزدور ہے۔

◈ میرا گھر دور ہے۔ ◈ سورج غروب ہو رہا ہے۔

(و) دو دو طلبا کی جوڑی بنایئے۔ ذیل کے جملے پڑھوایئے ایک طالب علم سوال کرے، دوسرا جواب دے۔

| |
|---|
| روہی، صوفیہ بازار گئے<br>روہی نے پھول خریدے<br>اور صوفیہ نے چوڑیاں |

◈ بازار کون گئے؟

______________

◈ روہی نے کیا خریدا؟

______________


◈ صوفیہ نے کیا خریدا؟

______________

◈ پھول کس نے خریدے؟

______________

(ز) جوڑ بنائیں، پڑھائیں، اور لکھائیں۔





مثال: انگور

______________

______________

______________




مثال: بھوری

______________

______________


______________

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ان تصویروں کے نام لکھوائیے۔

__________ __________ __________

__________ __________ __________

(ب) ذیل کے الفاظ میں واو معروف کی نشاندہی کرکے ان پر دائرہ ’O‘ کا نشان لگوائیے۔

کبوتر چور چوہا موٹا انگور بول

گول پھول مزدور نوٹ روگ جوتا

(ج) خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کروائیے۔

جھولا پھول چوڑیاں پوریاں

1۔ گلاب کا __________ بہت خوبصورت ہے۔

2۔ لڑکی جھولا __________ رہی ہے۔

3۔ امی جان __________ تل رہی ہیں۔

4۔ صوفیہ نے لال __________ خریدے۔

SCERT TELANGANA

(د) دیے گئے جملوں کو پڑھوائیے اور ''واو معروف'' والے الفاظ کے نیچے طلبا سے لکیر کھچوائیے۔

- برے لوگوں سے دور رہو۔
- میرے جوتے اچھے ہیں۔
- منّی کی صورت اچھی ہے۔
- انگور میٹھے ہیں۔
- وہ میری پھوپی ہے۔
- سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔

(ھ) جدول میں دیے گئے حروف جوڑ کر الفاظ بنوائیے۔

مثال : مولی


| | | | |
|---|---|---|---|
| نی | س | تا | رو |
| ور | ہی | مو | لی |
| سو | رت | ئی | جو |
| م | حو | دی | صو |

- ----------------
- ----------------
- ----------------
- ----------------
- ----------------
- ----------------
- ----------------
- ----------------




سوچیے

طلبا سے کہیں کہ: تصویر دیکھیے' اُتاریئے' رنگ بھریئے اور نام لکھیے۔




SCERT TELANGANA



سبق - 21

# تول پھر بول

(واوٗ مجہول)






## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے :

1۔ تصویر میں کیا دیکھ رہے ہیں؟

2۔ تختۂ سیاہ پر کیا لکھا گیا ہے؟

3۔ چند لڑکوں نے سر پر کیا پہنا ہے؟

4۔ بچے کہاں بیٹھ کر پڑھ رہے ہیں؟

5۔ آپ کہاں بیٹھ کر پڑھتے ہیں؟

(ب) آیئے اب ہم نظم سناتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)



'ا' سے لے کر 'ی' تک بول    لفظوں کے تو موتی رول
لفظوں کو تو پہلے تول    جو بھی بولے سچ ہی بول
دل کے بند دریچے کھول    پڑھ لکھ کر تو بن انمول
کسی بھی کام میں رکھ نہ جھول    ہر اک کام کا اپنا مول

(ج) بچوں کو یہ نظم ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔



## پڑھیے

(الف) تصویریں بتاکر طلباء سے نام کہلوایئے۔

__________ __________ __________ __________ __________


(ب) ذیل کے الفاظ روانی سے پڑھوایئے اور 'وْ' کی آواز سے واقف کروایئے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تول | مول | ڈھول | چور | مور | شور | موم |
| بول | رول | کوٹ | موٹ | نوٹ | نوکر | توڑ |
| جوڑ | موڑ | پھوڑ | گور | کوئل | جوکر | کھجور |

(ج) خالی جگہ پر تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروایئے۔


❖  میں پانی ہے۔
__________ میں پانی ہے۔

❖  بھاگ رہا ہے۔
__________ بھاگ رہا ہے۔

❖  میں سیب ہیں۔
__________ میں سیب ہیں۔

❖ یہ  کا نوٹ ہے۔
یہ __________ کا نوٹ ہے۔

SCERT TELANGANA

❖  ناچ رہا ہے۔ ❖  کی بولی میٹھی ہوتی ہے۔

________ ناچ رہا ہے۔ ________ کی بولی میٹھی ہوتی ہے۔

(د) دیئے گئے لفظوں پر دائرہ 'O' بنوایئے جن میں حرف 'و' استعمال ہوا ہے۔

- ڈھول بجا اور شور ہوا۔
- ایک شخص کوٹ اور ٹوپی پہنے کھڑا تھا۔
- پولیس چور کو پکڑتی ہے۔
- یہ انمول موتی ہے۔
- پھول چوری نہ کرو اور نہ توڑو۔
- بچوں نے شور مچایا۔


(ہ) دی گئی عبارت روانی سے پڑھوایئے اور واؤ مجہول والے الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔


ایک گول مٹول بچہ کوٹ پہنے شور کر رہا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ پھول توڑ رہا تھا۔ اتنے میں چوکیدار آیا اور گول مٹول بچے کو پھول توڑنے پر ڈانٹا۔ جب بچے نے معافی مانگی۔ تب چوکیدار نے اسے گھر جانے دیا۔



لکھیے

(الف) حروف جوڑ کر الفاظ بنوایئے۔




SCERT TELANGANA

(ب) ان الفاظ کو الگ الگ کروائیے۔

مثال:

گول: گ + و + ل　　　چور: ____ + ____ + ____

مول: ____ + ____ + ____　　　کوٹ: ____ + ____ + ____

شور: ____ + ____ + ____　　　کون: ____ + ____ + ____

موچ: ____ + ____ + ____　　　نوٹ: ____ + ____ + ____

توپ: ____ + ____ + ____　　　تول: ____ + ____ + ____

(ج) جوڑ ملا کر جملے بنوائیے۔

| | |
|---|---|
| کوئل | قیمتی ہوتی ہے |
| موٹر | گیت سناتی ہے |
| طوطا | گاجر کھاتا ہے |
| موتی | تیز دوڑتی ہے |
| خرگوش | پنجرہ میں ہے |

مثال: کوئل گیت سناتی ہے۔

________________

________________

________________


________________

SCERT TELANGANA


(د) نیچے دی گئی کہانی میں واوِ مجہول کی شناخت کروایئے۔



ایک چھوٹی گلہری بوتل میں گر گئی۔



گلہری نے باہر نکلنے کی بہت
کوشش کی مگر کامیاب نہ ہوسکی۔




ایک بڑی گلہری پکار سن کر
دوڑتی ہوئی آئی۔

1۔ ____________ 2۔ ____________ 3۔ ____________

4۔ ____________ 5۔ ____________





طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



____________

SCERT TELANGANA



سبق - 22

# کِٹّی میاؤں

(نونِ غنّہ)





## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1۔ بلّی کہاں بیٹھی ہے؟

2۔ باورچی خانہ میں کون سی چیزیں ہیں؟

3۔ کیا آپ نے کبھی بلّی پالی ہے؟

4۔ بلّی کیا کھاتی ہے؟

5۔ کیا آپ کو چوہے اور بلّی سے ڈر لگتا ہے۔ کیوں؟

SCERT TELANGANA

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سناتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)



بلّی خالہ گئی وہاں　　چوہے ماموں چُھپے جہاں
دیکھ کے چوہا بولا یوں　　جب تو جائے میں آؤں
ناچوں کودوں دھوم مچاؤں　　کھیل تماشے میں دکھلاؤں
مجھ سے پردہ کرتے کیوں　　اتنا مجھ سے ڈرتے کیوں
چوہا بولا میں مرجاؤں　　تو ہے بلّی کپٹی میاؤں

(ج) بچوں کو یہ نظم ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔



## پڑھیے

(الف) طلبا سے ان تصویروں کے نام کہلوائیں۔

طلبا کو نون کی دو حالتوں سے واقف کروائیں۔ یعنی ایک وہ جس کی آواز پوری ادا ہو۔ جیسے گمان، امان
دوسرے جس کی آواز پوری ادا نہ ہو بلکہ ناک میں گنگنی سی آواز نکلے۔ جیسے کنواں، سانپ وغیرہ۔

(ب) دیئے گئے حروف جوڑ کر الفاظ پڑھوایئے اور 'ں' کی آواز سے واقف کروایئے۔

س + ا + ن + پ = ______　　ر + و + ا + ں = ______

پ + ت + ن + گ = ______　　ج + ہ + ا + ں = ______


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے 2020-21۔
SCERT TELANGANA

(ج) ان لفظوں کو روانی سے پڑھوایئے۔

یہاں　کہاں　وہاں　اونٹ　دانت　آنکھ

جواں　مکاں　دھواں　آنچ　سانپ　باندی

ملیں　کھیلیں　پہنیں　کانچ　رنگ　میداں

گلیاں　کلیاں　خوشیاں

(د) نون غنّہ کی شناخت کرواتے ہوئے جملے پڑھوایئے۔

بلّی میاؤں میاؤں کرتی ہے۔　چڑیا چوں چوں کرتی ہے۔　کوّا کائیں کائیں کرتا ہے۔

طوطا ٹیں ٹیں کرتا ہے۔　بکری میں میں کرتی ہے۔

(ھ) حسب ذیل جانوروں اور پرندوں کے نام پڑھوایئے اور ان کی آوازوں کی نقل کروایئے۔

- بکری
- گھوڑا
- مرغا
- بلّی
- کتّا
- کوّا
- چڑیا
- بھینس



لکھیے

(الف) دیئے گئے الفاظ صاف خط میں لکھوایئے۔

جہاں　یہاں　وہاں　ہاں　کانچ　آندھی

جواں　آشیاں　کلیاں　ماں　کانپ　آنچ

SCERT TELANGANA

(ب) حروف کو جوڑ کر نون غنّہ کے الفاظ بنوائیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھوا | ما | پاؤ | گاؤ | جاؤ | کیو | یو | سا | کا | آ |

نپ ں نچ

مثال: پاؤں

- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________

(ج) مناسب جملے بنوائیے۔

| | |
|---|---|
| دھواں | سہانا ہے۔ |
| کنواں | دور ہے۔ |
| وادیاں | اُٹھ رہا ہے۔ |
| گاؤں | گہرا ہے۔ |
| سماں | ہری بھری ہیں۔ |
| سانچ | زہریلا ہے۔ |
| سانپ | کو آنچ نہیں۔ |

مثال: دھواں اُٹھ رہا ہے۔

- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________
- ________________

SCERT TELANGANA


(د) ان حروف کی مدد سے ایسے الفاظ لکھوائیے جن میں نون غنّہ استعمال ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ک | پ | ج |
| ______ | ______ | ______ |
| و | م | ہ |
| ______ | ______ | ______ |


سوچیے



طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA



## سبق - 23

# چنّو منّو

(تشدید ''س'')



SCERT TELANGANA



### سنیے - بولیے

**(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔**

1۔ پہلی تصویر میں کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ بلّی کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا؟

3۔ بچّے بلّی کو لے کر کہاں گئے؟ اور کیوں؟

4 ۔ حادثوں سے بچنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(ب) آیئے اب ہم ایک نصیحت آموز کہانی سنیں گے۔

چُنّو، لٹّو سے کھیل رہا تھا۔ منّو سائیکل پر بیٹھا چکّر لگا رہا تھا۔ بلّی، کتّے سے بچ کر بھاگ رہی تھی۔ دوڑتے دوڑتے بلّی، منّو کی سائیکل سے ٹکرا گئی۔ چنّو منّو جلدی سے بلّی کو گھر لے آئے۔ فوراً امّی جان دوائی کا ڈبّہ لے آئیں۔ شنّو بھیّا نے زخم پر پٹّی باندھی۔ منّی، مٹّی کے کٹورے میں دودھ لے آئی۔ بلّی نے دودھ پیا اور کھڑی ہوگئی۔ ابّا کو جب یہ قصّہ معلوم ہوا تو انہوں نے بچّوں کو شاباشی دی اور کہا کہ ''بچّو! اچھّے کام کرنے والوں کو جنّت میں جگہ ملتی ہے۔''

(ج) بچوں کو واقف کروائیں کہ ایسے حروف جنھیں ایک مرتبہ لکھا جاتا اور دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے، انھیں مشدّد حروف کہتے ہیں۔

مثلاً:

حجّام بلّی ڈبّہ چکّر امّی

کتّا لٹّو کدّو کوّا ابّو



پڑھیے



(الف) دیئے گئے الفاظ میں مشدد الفاظ کی شناخت کروا کر دائرہ 'O' کا نشان بنوایئے اور پڑھوایئے۔


مٹّی ٹٹّی جالی چکّی املی شکّر ٹکّر

تلّی دلّی دوات پتّی رسّی الّو منّی

SCERT TELANGANA

(ب) یہ تصویریں طلبا کو دکھایئے اور نام کہلوایئے۔

(ج) دیے گئے الفاظ پڑھوایئے اور مشدد الفاظ پر (✓) کا نشان لگایئے۔

مثال: ٹکّر  کڑوا  سچے  کوا  بندے  ابا  روٹی  بچہ

عزت  اول  منا  چکر  کتا  پتہ  کل  جال

(د) ان حروف کی مدد سے مشدد الفاظ بنوایئے اور پڑھوایئے۔

چ + ک + ک + ی = ________    ر + س + س + ی = ________

ج + ن + ن + ت = ________    ل + س + س + ی = ________

پ + ت + ت + ا = ________    گ + ن + ن + ا = ________

(ہ) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوایئے۔

 کالا ہوتا ہے۔     زرد ہیں۔





 ہرا ہے۔

SCERT TELANGANA




## لکھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام لکھوائیے۔

______ ______ ______ ______ ______

______ ______ ______ ______ ______

(ب) نیچے دیے ہوئے حروف ملا کر لکھوائیے اور ان پر تشدید لگوائیے۔

- ❑ لٹ + ٹو = ______    ❑ کھٹ + ٹا = ______
- ❑ کچ + چا = ______    ❑ گن + نا = ______

(ج) درج ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروائیے اور لکھوائیے۔

| کچّا | کھٹّی | مچھّر | چکّی | لڈّو | گنّا | دلّی | مٹّی | لٹّو | ٹٹّو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

★ بچّہ ______ سے کھیل رہا ہے۔    ★ جام ______ ہے۔

★ ______ بھنبھنا رہا ہے۔    ★ املی ______ ہے۔


★ ______ تاریخی شہر ہے۔    ★ ہاتھی ______ شوق سے کھاتا ہے۔

★ ______ سواری کے کام آتا ہے۔    ★ رضیہ ______ میں مت کھیلو۔

★ ______ میں گیہوں پیستے ہیں۔    ★ تھال میں ______ رکھے ہیں۔


SCERT TELANGANA


(د)  ان تصویروں کا نام لکھوائیے اور جملے مکمل کروائیے۔


____________ گھوم رہا ہے۔


____________ میٹھا ہوتا ہے۔


____________ کالا ہوتا ہے۔


____________ ہرا ہے۔


____________ گول ہے۔

(ھ)  اس نظم سے مشدد الفاظ چن کر لکھوائیے۔


امّی امّی ابّا آئے    دلّی سے ایک ڈبّہ لائے
چنّو آؤ منّو آؤ    شبّو آؤ شنّو آؤ
چنّو تم یہ لٹّو لے لو    چاہو تو یہ ٹٹّو لے لو
شنّو تم یہ لڈّو لے لو    شبّو کو یہ رسّی دے دو
امّی امّی ابّا آئے    امّی امّی ابّا آئے

SCERT TELANGANA

سوچیے

طلبا سے کہیں کہ: تصویر دیکھیے، اُتاریئے، رنگ بھریئے اور نام لکھیے۔






SCERT TELANGANA

سبق - 24

# حمد



SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کی جائے ۔

1۔ دونوں تصویروں میں کیا فرق ہے؟

2۔ رات کے منظر والی تصویر میں آسمان پر کیا دکھائی دے رہا ہے؟

3۔ چڑیا کہاں بیٹھی ہوئی ہے؟

4۔ تتلیاں کیا کر رہی ہیں؟

5۔ دن اور رات میں کیا فرق ہوتا ہے؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21


(ب) آیئے اب ہم ایک 'حمد' پڑھتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

کس نے سورج چاند بنائے اور تاروں کے دیپ جلائے
کیسے کیسے باغ سجائے رنگ برنگے پھول کھلائے
کوئل کوکی ، بھونرا گونجا بلبل نے بھی گیت سنائے
کھیتوں کو ہریالی دے دی پربت پر بادل لہرائے
تتلی کو رنگین بنا کر اُڑنے کے انداز سکھائے
میرے خدا نے سب کے خدا نے
یہ سارے اسباب بنائے

(ج) بچوں کو یہ نظم ترنم واداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔

## پڑھیے

(الف) ان تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔



املی کھٹی ہوتی ہے۔


آگ جل رہی ہے۔


آم میٹھا ہوتا ہے۔

(ب) طلبا سے تصویریں دکھا کر جملے کہلوائیں۔










SCERT TELANGANA

(ج) دی گئی تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیں، درست لفظ پر صحیح (✓) کا نشان لگوائیں۔

- یہ  ہے۔ (انار/ورق)
- یہ  ہے۔ (اروی/ادرک)
- یہ  ہے۔ (دروازہ/کھڑکی)
- یہ  ہے۔ (دف/دل)
- یہ  ہے۔ (لڑکا/لڑکی)

(د) دیے گئے جملے پڑھوائیے۔

- دادا ڈول لائے۔
- یہ اِرم کا دف ہے۔
- رات کو آرام کرو۔
- دروازے پر قفل لگا ہے۔
- درزی نے وردی سی۔



SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) دیے گئے جملوں کو صاف خط میں لکھوائیں۔

احمد اچھا لڑکا ہے۔ ________ ________ ________

گھڑی وقت بتاتی ہے۔ ________ ________ ________

آج اتوار ہے۔ ________ ________ ________

احمد مدرسہ جا رہا ہے۔ ________ ________ ________

کوئل کوک رہی ہے۔ ________ ________ ________

(ب) تصویروں کے نیچے دیے گئے لفظوں کی مدد سے جملے لکھوایئے۔


طوطا


درخت


بیٹھا


طوطا درخت پر بیٹھا ہے۔


بطخ


پانی


تیر رہی

________


قلم



کتاب


پر

________


لڑکا


دف


بجا رہا

________

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(ج) جوڑ ملا کر جملے لکھوائیں۔

مثال: پانی ٹھنڈا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ★ پانی | پر کتاب ہے۔ | ...................... |
| ★ روٹی | گیت گا رہی ہے۔ | ...................... |
| ★ میز | میٹھے ہیں۔ | ...................... |
| ★ رضیہ | گرم ہے۔ | ...................... |
| ★ آم | ٹھنڈا ہے۔ | ...................... |

(د) ذیل میں دیے گئے منتشر الفاظ سے جملے بنوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بابا | آم | میز | پر |
| کتاب | کھڑکی | لائے | بند |
| احمد | اچھا | ہے | لڑکا |

مثال: بابا آم لائے

● ........................ ● ........................

● ........................ ● ........................

(ہ) دیے گئے الفاظ کی مدد سے جملے بنوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آم | دم | وردی | ڈوری | دام |

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

## سوچیے

طلبا سے کہیں کہ تصویریں دیکھیں اور ان کے بارے میں جملے لکھیں۔



......................

......................



......................

......................



......................

......................

SCERT TELANGANA

# میرا تعارف

میرا نام ........................................................ ہے۔

میری تاریخ پیدائش ........................................................ ہے۔

میرے والد کا نام ........................................................ ہے۔

میری والدہ کا نام ........................................................ ہے۔

میں ........................................ جماعت میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔

میرے گاؤں/شہر کا نام ........................................................ ہے۔

میری اردو کی کتاب کا نام ........................................................ ہے۔

SCERT TELANGANA



اردو
URDU
جماعت 1

# متوقع اکتسابی نتائج

## طلبا یہ سب سیکھتے ہیں۔

- واقف معلومات، کہانیوں، نظموں، واقعات کوسن کر سمجھتے ہیں اور بولتے ہیں۔
- زبان سے تعلق رکھنے والی آوازوں اور الفاظ سے کھیلتے' گاتے محظوظ ہوتے ہیں۔
  مثلاً: ہم وزن و ہم آہنگ الفاظ
- تحریری نکات کے تئیں دلچسپی ظاہر کرتے ہیں اوران کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں۔
  مثلاً: دوپہر کے کھانے کا مینو' اپنے ناموں کا چارٹ، اپنے پسندیدہ عنوانات
- لفظ سے متعلقہ تصویر کی نشاندہی کرتے ہیں۔ مثلاً: آم' ادرک' ڈول
- خود کی جانب سے اتاری گئی تصویریوں کے نام کہتے ہیں۔ مثلاً: پتنگ، ڈول
- حروف تہجی میں حروف کی شکلوں کو آواز کی بنیاد پر نشان دہی کرتے ہیں۔ مثلاً: ا ب ج چ د
- تصویروں' تصویری کہانیوں کی ترتیب کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس سے متعلق کہانی' واقعہ کو سمجھتے ہیں۔ توصیف بیان کرتے ہیں۔
  مثلاً: تصویری کہانیاں
- اپنی سطح کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار تصویروں، خطوط، حروف کی شکلوں یا اپنے خود کے الفاظ میں لکھتے ہیں۔
- جملوں اور نظموں سے الفاظ اور حروف کی شناخت کرتے ہیں۔
- دیکھے' سنے اور پڑھے ہوئے واقعات کے بارے میں اپنی گھر / اسکول کی زبان میں گفتگو کرتے ہیں۔ سوال کرتے ہیں۔
  روزمرہ زندگی میں اس کا اطلاق کرتے ہیں۔
- مطالعہ کر رہے مواد کو سمجھنے کے لیے مختلف قسم کے طریقے استعمال کرتے ہیں۔ یعنی حروف اور آوازوں کے درمیان تعلق کا
- استعمال کرتے ہوئے' تصویروں اور گرافکس کو دیکھ کر' اندازہ لگا کر الفاظ کی شناخت کرتے ہیں۔ سابقہ معلومات کی بنیاد پر
  اندازہ لگاتے ہیں وغیرہ۔ مثلاً: تصویری کہانیاں' شبنم کی بوندیں
- درسی کتاب یا لائبریری کتب سے اپنے پسندیدہ موضوعات کا انتخاب کر کے پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔



SCERT TELANGANA